زینب

لجنہ اماء اللہ ناروے

اکتوبر تا دسمبر ۲۰۲۱



دنیا کا پہلا مذہب

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے تبلیغی خطوط

سوشل میڈیا کے فوائد

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نَحْمَدُهٗ وَنُصَلِّی عَلٰی رَسُوْلِهِ الْکَرِیْمِ وَ عَلٰی عَبْدِهِ الْمَسِیْحِ الْمَوْعُوْدِ

خدا کے فضل اور رحم کے ساتھ

ھوالنّــاصر

وَاجْعَلْ لِّیْ مِنْ لَّدُنْكَ سُلْطَانًا نَّصِیْرًا

اِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُّبِیْنًا

وَلَقَدْ نَصَرَكُمُ اللّٰهُ بِبَدْرٍ وَّاَنْتُمْ اَذِلَّةٌ

امام جماعتِ احمدیہ

ایل۔ایس: 4015

تاریخ: 11.6.22

مکرمہ صدر صاحبہ لجنہ اماء اللہ، ناروے

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہٗ

آپ کی طرف سے رپورٹ ماہ اپریل 2022 و سالانہ رپورٹ 2021-2020 بمعہ رسالہ زینب شمارہ جولائی تا ستمبر 2021 موصول ہوا۔ جزاکم اللہ تعالیٰ۔

اس دوران جلسہ جات و سیمینارز منعقد کئے گئے۔ تربیتی سیمینار میں پردہ، حیا رشتہ کا انتخاب اور حسن معاشرت کے مضامین پر توجہ دی گئی۔ شوریٰ کی تجاویز و فیصلوں پر مجالس میں عملدرآمد کیا گیا۔ 40 ممبرات نے جوبلی کے لئے 10 پارے باترجمہ مکمل کرنے کی سعادت پائی۔ ناصرات کی آن لائن میں جلسہ جات، حالاتِ حاضرہ کے موضوعات، ڈسکشن اور کوئز کروانے کی توفیق ملی جس میں 50% ناصرات شامل ہوئیں۔ شعبہ صنعت و دستکاری کے تحت ممبرات نے یومِ خلافت کے حوالے سے تربیتی نشست اور سجاوٹ کا اہتمام کیا۔ شعبہ تبلیغ نے 4 سہ ماہی پلان بنا کر مجالس کو بھجوائے۔ ماہ اپریل میں 100 سے زائد عید کارڈ و گفٹس دو ہسپتالوں کو پیش کئے گئے۔ صفات باری تعالیٰ پر مشتمل رسالہ زینب کے تمام مضامین محنت سے تیار کئے گئے ہیں۔ اللہ تعالیٰ تمام قارئین کو اس سے مستفیض فرمائے۔ آمین

اللہ تعالیٰ آپ کی دینی خدمات کو قبول فرمائے اور لجنہ و ناصرات کے علمی و روحانی معیاروں کو ترقیات عطا فرمائے۔ آمین

تمام لجنہ و ناصرات کو میرا محبت بھرا سلام پہنچا دیں۔

والسلام

خاکسار

خلیفة المسیح الخامس

اداریہ

2021ء گزر گیا اور 2022 کا سورج طلوع ہوا گو کہ گذشتہ سال قدرے اداسی کا سال تھا۔ بیشتر وقت گھر میں بیٹھ کر ہی گزارنا پڑا، لیکن روحانی ترقیات میں ہمارا قدم اللہ کے فضل سے پیچھے نہیں ہٹا۔ بلکہ اس نے ہمیں روحانیت کی اعلیٰ منازل سے ہمکنار کیا۔ کرونا کی وبا کی وجہ سے سب کو جمعہ اور عیدین کی نمازیں مسجد میں ادا کرنے کا موقعہ نہیں ملا بلکہ اکثر کو اپنے گھروں پر ہی ادا کرنا پڑیں، اسی طرح تمام نمازیں با جماعت گھروں پر ادا کرنے کی عادت پڑ گئی۔ اللہ کرے یہ نیک عادت ہمارے گھروں میں دوام اختیار کر جائے۔ دعاؤں کی طرف بھی ان حالات کی وجہ سے زیادہ توجہ ہوئی اور پہلے سے بڑھ کر دعاؤں کی توفیق ملی۔ اکثر لوگ نئے سال کا آغاز لغو کاموں سے کرتے ہیں۔ جبکہ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے ماننے والے نئے سال کا آغاز متضرعانہ دعاؤں سے خدا تعالیٰ کے حضور سجدہ ریز ہوتے ہوئے کرتے ہیں۔ ہم سب کو اس موقعہ پر اپنے نفس کا محاسبہ کرنے کی بھی توفیق عطا ہوتی ہے۔ نئے سال کے آغاز پر ہمیں ایک دعا سکھائی گئی ہے۔ ہمیں وہ دعا ضرور پڑھنی چاہیے۔ **حضرت عبد اللہ بن ہشام کہتے** ہیں کہ جب مہینہ یا سال شروع ہوتا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ یہ دعا پڑھا کرتے تھے۔

اَللّٰهُمَّ أَدْخِلْهُ عَلَيْنَا بِالْأَمْنِ وَ الْإِيْمَانِ وَالسَّلَامَةِ وَالْإِسْلَامِ وَجَوَارٍمِّنَ الشَّيْطَانِ وَرِضْوَانٌ مِّنَ الرَّ حْمٰنِ۔

ترجمہ: اے اللہ اس سال کو ہمارے اوپر اور سلامتی اور ایمان اور اسلام کے ساتھ اور شیطان سے بچاؤ اور رحمان کی رضامندی کے ساتھ داخل فرما۔

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز فرماتے ہیں:

”گذشتہ ایک سال سے ہم ایک نہایت خطرناک وبائی مرض کا سامنا کر رہے ہیں، کہیں کم اور کہیں زیادہ اور دنیا کا کوئی ملک بھی اس وبا سے باہر نہیں ہے۔۔۔ ہر احمدی کو غور کرنا چاہیے کہ اس کے سپرد ایک بہت بڑا کام کیا گیا ہے اور اس کے سرانجام دینے کے لیے پہلے اپنے اندر، اپنے معاشرے میں، احمدی معاشرے میں، پیار اور محبت اور بھائی چارے کی فضا کو پیدا کریں اور پھر دنیا کو اس جھنڈے کے نیچے لائیں جو اللہ تعالیٰ کی توحید کا جھنڈا ہے، جو حضرت محمد رسول اللہ ﷺ نے بلند کیا تھا تبھی ہم اپنی بیعت کے مقصد میں کامیاب ہو سکتے ہیں۔ تبھی ہم بیعت کا حق ادا کرنے والے بن سکتے ہیں۔ تب ہی ہم اللہ تعالیٰ کے فضلوں کے وارث ہو سکتے ہیں اور تب ہی ہم نئے سال کی مبارکباد دینے اور لینے کے مستحق قرار دیے اسکتے ہیں۔“ (اخبارِ احمدیہ جرمنی 2021 صفحہ 1)

حضور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہِ العزیز تو ہمیں توجہ دلاتے رہتے ہیں اب ہمارا کام ہے کہ ہم ہر وہ کام کریں جن کو اللہ تعالیٰ نے کرنے کا حکم دیا ہے اور ہر اس کام سے بچیں جس سے دور رہنے کی ہدایت فرمائی۔ اپنی نمازیں دلی تڑپ اور محبت سے ادا کریں نہ کہ بوجھ سمجھتے ہوئے۔ اللہ تعالیٰ کے اور اس کے بندوں کے حقوق ادا کرنے والے بنیں ورنہ ہم اس کے مسیح پاک علیہ الصلوٰۃ والسلام کی جماعت میں شمار نہ کیے جائیں گے۔ یہ رتبہ ہمیں نہیں مل سکتا جب تک کہ ہم پوری طرح آنحضرت ﷺ کی سنت کی پیروی نہ کریں۔ اپنے چندوں کا جائزہ لیں اور انہیں دلی اخلاص سے بروقت ادا کریں اگر اللہ تبارک و تعالیٰ کو راضی کرنا ہے تو ایک نمایاں اور پاک تبدیلی ہمیں اپنے اندر پیدا کرنا ہو گی ورنہ ہم لوگوں کو احمدیت کی طرف کس منہ سے دعوت دیں اللہ تعالیٰ ہمیں توفیق عطا فرمائے کہ ہم قرانِ پاک کی تعلیم کے عملی نمونے قائم کرنے والے ہوں۔ اپنے گھروں میں امن قائم کرنے والے بلکہ ساری دنیا میں امن قائم کرنے والے بن جائیں اور ہر آنے والا سال اللہ تعالیٰ کی رحمتیں اور برکتیں ساتھ لے کر آئے۔ آمین ثم آمین۔

فہرست مضامین

القرآن الکریم	2
حدیث نبوی ﷺ	2
کلام الامام	3
نظم	4
خطبہ جمعہ	5
دنیا کا پہلا مذہب	14
نظم	17
آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے تبلیغی خطوط	18
سوشل میڈیا کے فوائد	21
سقراط	24
دھنک کے رنگ آپ کے سنگ	26
پکوان	29
صحت کارنر	30
اُمّ المؤمنین حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا	32
واقفات کارنر	33
دعائیہ اعلانات	34
ناصرات کارنر	35

مجلسِ ادارت

امیر جماعت ناروے
محترم چوہدری ظہور احمد صاحب

صدر لجنہ اماء اللہ
محترمہ بلقیس اختر صاحبہ

نیشنل سیکرٹری اشاعت
منصورہ نصیر

نائبہ سیکرٹری اشاعت
صدیقہ وسیم

مدیرہ حصہ نارویجن
شائستہ باسط

پروف ریڈنگ حصہ اردو
صدیقہ وسیم
طاہرہ زرتشت

گرافک ڈیزائنر
فاکہہ چوہدری
فریدہ ظہور
ضویا سامہ شاہد
صوفیہ خلیل
خافیہ شاہد

پرنٹنگ
شمسہ خالد

شائع کردہ
شعبہ اشاعت لجنہ اماء اللہ ناروے

Baitun Nasr Moské
Søren Bulls vei 1
1051 Oslo
kontakt@ahmadiyya.no

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اللہ کے نام کے ساتھ جو بے انتہا رحم کرنے والا، بن مانگے دینے والا (اور) بار بار رحم کرنے والا ہے

القرآن الکریم

وَ الَّذِیۡنَ صَبَرُوا ابۡتِغَآءَ وَجۡہِ رَبِّہِمۡ وَ اَقَامُوا الصَّلٰوۃَ وَ اَنۡفَقُوۡا مِمَّا رَزَقۡنٰہُمۡ سِرًّا وَّ عَلَانِیَۃً وَّ یَدۡرَءُوۡنَ بِالۡحَسَنَۃِ السَّیِّئَۃَ اُولٰٓئِکَ لَہُمۡ عُقۡبَی الدَّارِ ﴿۲۳﴾

ترجمہ: اور وہ لوگ جنہوں نے اپنے ربّ کی رضا کی خاطر صبر کیا اور نماز کو قائم کیا اور جو کچھ ہم نے ان کو دیا اس میں سے چھپا کر بھی اور علانیہ بھی خرچ کیا اور جو نیکیوں کے ذریعہ برائیوں کو دور کرتے رہتے ہیں یہی وہ لوگ ہیں جن کے لیے گھر کا (بہترین) انجام ہے۔

(الرعد:23)

حدیث نبوی ﷺ

عَنْ سِعْدِ بْنِ اَبِیْ وَقَّاصٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ اَنَّہٗ اَخْبَرَہُ انَّ رَسُوْلَ ا للّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّکَ لَنْ تُنْفِقَ نَفَقَۃً تَبْتَغِیْ بِھَا وَجْہَ اللّٰہِ اِلَّا اُجِرْتَ عَلَیْھَا حَتّٰی مَا تَجْعَلُ فِیْ فَمِ امْرَأَتِکَ۔

ترجمہ: حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا: جو شخص یہ چاہتا ہے کہ اللہ تعالیٰ تکالیف کے وقت اس کی دعاؤں کو قبول کرے تو اسے چاہیے کہ فراخی اور آرام کے وقت بکثرت دعا کرے۔

(حدیقۃ الصالحین، ایڈیشن 2003ء، صفحہ 698)

کلام امام الزّماں علیہ الصلوٰۃ والسلام

حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام فرماتے ہیں:

”دنیا میں انسان مال سے بہت زیادہ محبت کرتا ہے۔ اسی واسطے علم تعبیر الرؤیا میں لکھا ہے کہ اگر کوئی شخص دیکھے (خواب میں یہ دیکھے) کہ اس نے جگر نکال کر کسی کو دیا ہے تو اس سے مراد مال ہے۔ یہی وجہ ہے کہ حقیقی اتقاء اور ایمان کے حصول کے لیے فرمایا: **لَنۡ تَنَالُوا الۡبِرَّحَتّٰی تُنۡفِقُوۡا مِمَّا تُحِبُّوۡنَ** کہ حقیقی نیکی کو ہرگز نہ پاؤ گے جب تک کہ تم عزیز ترین چیز نہ خرچ کرو گے۔ کیونکہ مخلوق الٰہی کے ساتھ ہمدردی اور سلوک کا ایک بڑا حصہ مال کے خرچ کرنے کی ضرورت بتلاتا ہے اور ابنائے جنس اور مخلوق الٰہی کی ہمدردی ایک ایسی شے ہے جو ایمان کا دوسرا جزو ہے جس کے بدُوں ایمان کامل اور راسخ نہیں ہوتا۔ جب تک انسان ایثار نہ کرے دوسرے کو نفع کیونکر پہنچا سکتا ہے۔ دوسرے کی نفع رسانی اور ہمدردی کے لیے ایثار ضروری شے ہے اور اس آیت میں **لَنۡ تَنَالُوا الۡبِرَّحَتّٰی تُنۡفِقُوۡا مِمَّا تُحِبُّوۡنَ**۔ میں اسی ایثار کی تعلیم اور ہدایت فرمائی گئی ہے۔

پس مال کا اللہ تعالیٰ کی راہ میں خرچ کرنا بھی انسان کی سعادت اور تقویٰ شعاری کا معیار اور محک ہے۔ ابو بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی زندگی میں للّٰہی وقف کا معیار اور محک وہ تھا جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک ضرورت بیان کی اور وہ کل اثاث البیت لے کر حاضر ہو گئے۔“

(ملفوظات جلد2 صفحہ 95-96۔ ایڈیشن 1985ء مطبوعہ انگلستان)

حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام مزید فرماتے ہیں:

”یہ ظاہر ہے کہ تم دو چیزوں سے محبت نہیں کر سکتے اور تمہارے لیے ممکن نہیں کہ مال سے بھی محبت کرو اور خدا سے بھی، صرف ایک سے ہی محبت کر سکتے ہو۔ پس خوش قسمت وہ شخص ہے کہ خدا سے محبت کرے اور اگر تم میں سے کوئی خدا سے محبت کر کے اس کی راہ میں مال خرچ کرے گا تو میں یقین رکھتا ہوں کہ اس کے مال میں بھی دوسروں کی نسبت زیادہ برکت دی جائے گی۔ کیونکہ مال خود بخود نہیں آتا بلکہ خدا کے ارادے سے آتا ہے۔“

(مجموعہ اشتہارات جلد3 صفحہ 749)

حضرت اقدس مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کا پاکیزہ منظوم کلام

مناجات اور تبلیغ حق

دیکھ لو میل و محبت میں عجب تاثیر ہے
ایک دل کرتا ہے جھک کر دوسرے دل کو شکار

کوئی رہ نزدیک تر راہ محبت سے نہیں
طے کریں اس راہ سے سالک ہزاروں دشت خار

اس کے پانے کا یہی اے دوستو اک راز ہے
کیمیا ہے جس سے ہاتھ آجائے گا زر بے شمار

تیر تاثیر محبت کا خطا جاتا نہیں
تیر اندازو! نہ ہونا سست اس میں زینہار

ہے یہی اک آگ تا تم کو بچاوے آگ سے
ہے یہی پانی کہ نکلیں جس سے صدہا آبشار

اس سے خود آکر ملے گا تم سے وہ یار ازل
اس سے تم عرفان حق سے پہنو گے پھولوں کے ہار

وہ کتاب پاک و برتر جس کا فرقاں نام ہے
وہ یہی دیتی ہے طالب کو بشارت بار بار

جن کو ہے انکار اس سے سخت ناداں ہیں وہ لوگ
آدمی کیوں کر کہیں جب ان میں ہے حمق حمار

کیا یہی اسلام کا ہے دوسرے دینوں پہ فخر
کر دیا قصوں پہ سارا ختم دیں کا کاروبار

مغز فرقان مطہّر کیا یہی ہے زہد خشک
کیا یہی چوہا ہے نکلا کھود کر یہ کوہسار

گر یہی اسلام ہے بس ہو گئی امّت ہلاک
کس طرح رَہ مل سکے جب دیں ہی ہو تاریک و تار

(از دُرِّ ثمین، ایڈیشن 1996ء، صفحہ 141)

خطبہ جمعہ

بیان فرمودہ سیّدنا امیر المؤمنین حضرت مرزا مسرور احمد خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز

مورخہ 29 جنوری 2006ء بمقام مسجد بیت الفتوح، لندن، برطانیہ

تشہد، تعوذ اور سورۃ فاتحہ کی تلاوت کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے یہ تلاوت فرمائی: اَلَّذِیْنَ یُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ بِالَّیْلِ وَالنَّهَارِ سِرًّا وَّ عَلَانِیَةً فَلَهُمْ اَجْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ وَلَا خَوْفٌ عَلَیْهِمْ وَلَا هُمْ یَحْزَنُوْنَ۔

(البقرۃ:275)

آج مَیں وقف جدید کے نئے سال کے آغاز کا اعلان کروں گا۔ عموماً جنوری کے پہلے ہفتہ میں پہلے جمعہ میں اس کا اعلان ہوتا ہے، یا بعض دفعہ دسمبر کے آخر میں بھی ہوتا رہا۔ سفر پر ہونے کی وجہ سے مَیں نے یہی فیصلہ کیا تھا کہ واپس جا کر انشاء اللہ اعلان ہو گا۔ اللہ تعالیٰ آج توفیق دے رہا ہے۔

وقف جدید کی تحریک بھی جیسا کہ ہم سب جانتے ہیں حضرت مصلح موعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی جاری کردہ تحریک ہے جس کو 1957ء میں حضرت مصلح موعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے جاری فرمایا تھا اور صرف پاکستان کے احمدیوں کے لیے یہ تحریک تھی۔ پاکستان سے باہر کے احمدیوں میں سے اگر کوئی اپنی مرضی سے اس میں حصہ لینا چاہتا تھا تو لے لیتا تھا۔ خاص طور پر اس بارے میں تحریک نہیں کی جاتی تھی کہ وقف جدید کا چندہ دیا جائے۔ اُس وقت جب یہ جاری کی گئی تو **حضرت مصلح موعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی نظر میں پاکستان کی جماعتوں کے لیے دو خاص مقاصد تھے۔ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے جب یہ وقف جدید کی انجمن بنائی تو اس میں حضرت خلیفۃ المسیح الرابع رحمہ اللہ تعالیٰ کو ممبر مقرر فرمایا اور آپ کو جو ہدایات دیں وہ خاص طور دو باتوں پر زور دینے کے لیے تھیں۔ ایک تو یہ کہ پاکستان کی دیہاتی جماعتوں کی تربیت کی طرف توجہ دی جائے جس میں کافی کمزوری ہے اور دوسرے ہندوؤں میں تبلیغ اسلام کا کام۔ خاص طور پر سندھ کے علاقہ میں بہت بڑی تعداد ہندوؤں کی ہے۔ حضرت مصلح موعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو بڑی فکر تھی کہ دیہاتی جماعتوں میں تربیت کی بہت کمی ہے خاص طور پر بچوں میں اور اکثریت جماعت کے افراد کی**

دیہاتوں میں رہنے والی ہے اور اگر ان کی تربیت میں کمی ہوگی تو پھر آئندہ بہت ساری خرابیاں پیدا ہو جائیں گی۔

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع رحمہ اللہ تعالیٰ بیان کرتے ہیں کہ حضرت مصلح موعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے جب مجھے وقف جدید کا ممبر مقرر فرمایا اور فرمایا کہ سارا جائزہ لو کہ تربیت کی کیا کیا صورتحال ہے۔ تو کہتے ہیں کہ جب مَیں نے جائزہ لیا تو تربیت اور دینی معلومات کے بارے میں انتہائی بھیانک صورتحال سامنے آئی کہ بچوں کو سادہ نماز بھی نہیں آتی تھی اور تلفّظ کی غلطیاں اتنی تھیں کہ کلمہ بھی صحیح طرح نہیں پڑھ سکتے تھے حالانکہ کلمہ بنیادی چیز ہے جس کے بغیر مسلمان مسلمان ہی نہیں کہلا سکتا۔ بہرحال اُس وقت پاکستان میں ان معلمین کے ذریعہ جن کو معمولی ابتدائی ٹریننگ دے کر میدان عمل میں بھیج دیا جاتا تھا وقف جدید نے ان دو اہم کاموں کو سرانجام دینے کا بیڑا اٹھایا اور اللہ تعالیٰ کے فضل سے بڑی محنت اور قربانی کے جذبے سے اس کام کو سرانجام دیا۔ سندھ میں ہندوؤں کے علاقے میں تبلیغ کا کام ہوا یہ بھی بہت مشکل کام تھا۔ یہ ہندو جو تھروں میں وہاں کے رہنے والے تھے۔ وہاں بارشیں نہ ہونے کی وجہ سے مزدوری کے لیے سندھ کے آباد علاقہ میں آیا کرتے تھے تو یہاں آ کر مسلمان زمینداروں کی بدسلوکی کی وجہ سے وہ اسلام کے نام سے بھی گھبراتے تھے۔ غربت بھی ان کی عروج پر تھی۔ بڑی بڑی زمینیں تھیں، پانی نہیں تھا اس لیے کچھ کر نہیں سکتے تھے۔ آمد نہیں تھی اور اسی غربت کی وجہ سے مسلمان زمیندار جن کے پاس یہ کام کرتے تھے انہیں تنگ کیا کرتے تھے اور ان سے بیگار بھی لیتے تھے۔ یا اتنی معمولی رقم دیتے تھے کہ وہ بیگار کے برابر ہی تھی۔ اسی طرح عیسائی مشنوں نے جب یہ دیکھا کہ ان کے ساتھ یہ سلوک ہو رہا ہے تو ان کی غربت کا فائدہ اٹھا کر عیسائیوں نے بھی اِن کو امداد دینی شروع کی اور اس کے ساتھ تبلیغ کر کے، لالچ دے کر عیسائیت کی طرف ان ہندوؤں کو مائل کرنا شروع کیا تو یہ ایک بہت بڑا کام تھا جو اس زمانے میں وقف جدید نے کیا اور اب تک کر رہی ہے۔ بہرحال اللہ تعالیٰ نے مدد فرمائی اور بڑے سالوں کی کوششوں کے بعد اس علاقے میں احمدیت کا نفوذ ہونا شروع ہوا۔ حضرت خلیفۃ المسیح الرابع رحمہ اللہ تعالیٰ جو اُس وقت وقف جدید کے ناظم ارشاد تھے بیان کرتے ہیں کہ جب ہمیں کامیابیاں ہونی شروع ہوئیں تو مولویوں نے ہندوؤں کے پاس جا کر یہ کہنا شروع کر دیا کہ تم یہ کیا غضب کر رہے ہو، احمدی ہونے سے تو بہتر ہے ہندو ہی رہو۔ ایک خدا کا نام پکارنے سے تو بہتر ہے کہ مشرک ہی رہو یہ مسلمانوں کا حال ہے۔ تو بہرحال ان سب مشکلات کے باوجود اللہ تعالیٰ نے مدد فرمائی اور بڑا فضل فرمایا۔ تھر کے علاقے مِٹھّی اور نگرپارکر وغیرہ میں آگے بھی جماعتیں قائم ہونا شروع ہوئیں، ماشاء اللہ اخلاص میں بھی بڑھیں، ان میں سے واقف زندگی بھی بنے اور اپنے لوگوں میں تبلیغ کر کے احمدیت یعنی حقیقی اسلام کو متعارف کروایا، اس کا پیغام پہنچاتے رہے۔ جب ربوہ میں جلسے ہوتے تھے تو جلسے پر یہ لوگ ربوہ آیا کرتے تھے۔ مَیں نے دیکھا ہے کہ انتہائی مخلص اور بڑے اخلاص و وفا میں ڈوبے ہوئے لوگ تھے۔ اب تو ماشاء اللہ ان لوگوں کی اگلی نسلیں بھی احمدیت کی گود میں پلی بڑھی ہیں اور اخلاص میں بڑھی ہوئی ہیں بڑی مخلص ہیں۔ شروع زمانے میں وسائل کی کمی کی وجہ سے وقف جدید کے معلمین جنہوں نے میدان عمل میں کام کیا وہ بڑی تکلیف میں وقت گزارا کرتے تھے۔ ان علاقوں میں طبی امداد کی، میڈیکل ایڈ (Medical Aid) کی سہولتیں بھی نہیں تھیں۔ اس لیے اپنے لیے بھی اور وہاں کے رہنے والے لوگوں کے لیے بھی کچھ دوائیاں، ایلوپیتھی اور ہومیوپیتھی وغیرہ ساتھ رکھا کرتے تھے۔ اب تو اللہ تعالیٰ کے فضل سے وہاں موبائل ڈسپنسری ہے، دیہاتوں میں جاتی ہے، میڈیکل کیمپ بھی لگتے ہیں۔ باقاعدہ کوالیفائڈ (Qualified) ڈاکٹر وہاں جاتے ہیں۔ اسی طرح جماعت نے مِٹھی میں ایک بہت بڑا ہسپتال بنایا ہے۔ اس میں آنکھوں کا ایک وِنگ (Wing) بھی ہے۔ تو وقف جدید کی تحریک میں پاکستان کے احمدیوں نے اپنی تربیت اور تبلیغ کے لیے اُس زمانے میں بڑھ چڑھ کر قربانیاں پیش کیں اور اللہ کے فضل سے اب تک کر رہے ہیں اور کام میں بھی اب اللہ تعالیٰ کے فضل سے بہت وسعت پیدا ہو چکی ہے اور کام بہت آگے بڑھ چکا ہے۔ اللہ تعالیٰ جس طرح جماعت پر فضل فرما رہا ہے یہ تو بڑھتا ہی رہنا ہے۔

یہاں ایک بات جو مَیں اس خطبہ کے ذریعہ سے سندھ کے علاقے کے احمدی زمینداروں کو کہنا چاہتا ہوں اور اسی بات پہ حضرت خلیفۃ المسیح الرابع رحمہ اللہ تعالیٰ نے بھی توجہ دلائی تھی کہ یہ جو ہندو اس علاقے میں رہنے والے ہیں یا ان میں سے جو مسلمان ہو چکے ہیں، بڑے غریب لوگ ہیں۔ وہ اس غربت کی وجہ سے سندھ کے آباد علاقے میں جہاں پانی کی

سہولت ہے مزدوری کی غرض سے آتے ہیں اور بڑی محنت سے مزدوری کرتے ہیں۔ ان کے ساتھ یہ جو احمدی زمیندار ہیں یہ حسن سلوک کیا کریں۔ یہ پیار ہی ہے جو ان لوگوں کو مزید قریب لائے گا اور اللہ تعالیٰ وہاں کے احمدیوں کی قربانیوں کو انشاء اللہ پھل عطا فرمائے گا۔ اس لیے اس طرف خاص توجہ دینی چاہیے۔ بہر حال یہ مختصر پس منظر، یہ حالات مَیں نے اس لیے بتائے ہیں تا کہ نئی نسل کے لوگوں کو اور نئے آنے والوں کو بھی اس تحریک کا مختصر تعارف ہو جائے کیونکہ اب تو وقف جدید کی یہ تحریک تمام دنیا میں جاری ہے، لوگ اس کے چندے کی ادائیگی کرتے ہیں۔ جہاں تک پاکستان کا سوال ہے اللہ تعالیٰ کے فضل سے پاکستانی احمدیوں نے اپنے اخراجات تو آپ سنبھالے ہوئے ہیں۔ اللہ تعالیٰ کے فضل سے ان کو کسی بیرونی امداد کی ضرورت نہیں ہے۔ لیکن 1985ء میں حضرت خلیفۃ المسیح الرابع رحمہ اللہ تعالیٰ نے وقف جدید کی تحریک کو، یعنی مالی قربانی کی تحریک کو ساری دنیا پہ پھیلا دیا، تا کہ دنیا میں جو احمدی آباد ہیں خاص طور پر یورپ اور امریکہ وغیرہ میں ان کے چندوں سے ہندوستان میں بھی وقف جدید کے نظام کو فعال کیا جائے اور وہاں زیادہ سے زیادہ تربیت و تبلیغ کا کام کیا جائے اور جس علاقے میں خلافت ثانیہ کے دور میں کسی زمانے میں شُدھی کی تحریک چلی تھی اور جس کے توڑ کے لیے جماعت نے اس وقت بڑے عظیم کام کیے تھے بڑی قربانیاں دی تھیں اس علاقے میں رہ کر تبلیغ کی تھی۔ حضرت خلیفۃ المسیح الرابع رحمہ اللہ تعالیٰ نے 1985ء میں فرمایا تھا کہ اس علاقے میں دوبارہ تشویشناک صورتحال ہے اس لیے ہندوستان کی جماعتوں کو اس طرف توجہ دینی چاہیے اور وسیع منصوبہ بندی کرنی چاہیے۔ اور اخراجات کے لیے آپ نے یہ بھی فرمایا تھا کہ باہر سے رقم آجائے گی۔ اس لیے پھر جیسا کہ **مَیں نے کہا باہر کی جماعتوں میں بھی وقف جدید کی یہ تحریک جاری کی گئی تا کہ باہر کی جماعتیں بھی اس نیک کام میں ہندوستان کی جماعتوں کی مدد کریں اور اللہ تعالیٰ کے فضل سے باہر کی جماعتیں اس تحریک میں بھی مالی قربانی کے لیے لبیک کہنے والی بنیں اور اللہ تعالیٰ کے فضل سے ہر سال وقف جدید میں بھی باقی چندوں کی طرح اضافہ ہو رہا ہے۔ جوں جوں اللہ تعالیٰ کام میں وسعت دے رہا ہے جتنا جتنا کام پھیل رہا ہے اخراجات بڑھ رہے ہیں اللہ تعالیٰ وسائل بھی مہیا فرما رہا ہے۔** لیکن جیسا کہ ہم جانتے ہیں کہ جماعت کے بڑی تیزی سے ترقی کی طرف قدم بڑھ رہے ہیں اور اس لحاظ سے ضروریات بھی بہت تیزی سے بڑھ رہی ہیں۔ جیسا کہ مَیں نے کہا کہ اللہ تعالیٰ فضل فرما رہا ہے ضروریات پوری ہوتی ہیں۔ لیکن ہمیں اس طرف توجہ دینے کی بھی ضرورت ہے تا کہ ہم بھی ان مالی قربانیوں میں حصہ لے کر اللہ تعالیٰ کے فضلوں کے وارث بن سکیں۔ اللہ تعالیٰ کے فضل سے افراد جماعت پر بھی انفرادی طور پر بہت فضل ہو رہے ہیں۔ اس لیے ہمیشہ کی طرح اپنی قربانیوں کی طرف بھی خاص توجہ رکھیں تا کہ جو کمزور جماعتیں ہیں ہم ان کی مدد کر سکیں۔ ہندوستان کی نئی جماعتیں بھی ہیں اور افریقہ کی جماعتیں بھی ہیں جو بہت معمولی مالی وسعت رکھتی ہیں۔ گو کہ قربانی کی کوشش کرتی ہیں لیکن جتنی بھی ان کی وسعت ہے اس کے لحاظ سے، اپنے حالات کے لحاظ سے۔ تو ان کی مدد کرنے کے لیے، تربیت و تبلیغ کے لیے، ان کی قربانیوں میں جو کمی رہ گئی ہے، اس کو پورا کرنے کی ہمیں کوشش کرنی چاہیے۔ اس لیے بیرونی جماعتیں یا ان مغربی ملکوں کی جماعتیں جن کی کرنسی مضبوط ہے، انہیں خدمت دین اور دین کی مدد کے جذبے کے تحت ہمیشہ قدم آگے بڑھاتے چلے جانا چاہیے۔

اللہ تعالیٰ نے مالی قربانی کرنے والوں کو اپنے فضلوں کو حاصل کرنے والا بتایا ہے۔ جو آیت مَیں نے تلاوت کی اس میں بھی یہی فرمایا ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ رات اور دن اللہ تعالیٰ کی راہ میں خرچ کرنے والوں کا جو اجر ہے وہ میرے پاس ہے اور جس کو مَیں نے اجر دینا ہے اس کو اس بات کا خوف بھی نہیں ہونا چاہیے کہ چندے دے کر ہمارا کیا بنے گا، ہماری اَور مالی ضروریات ہیں۔ یہ خیال بھی تمہیں کبھی نہیں آنا چاہیے کہ مالی قربانیوں سے تمہارے مالوں میں کچھ کمی ہو گی۔ ایک دوسری جگہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ مَیں ان لوگوں کو جو میری خاطر قربانیاں دیتے ہیں، سات سو گنا تک بڑھا کر بلکہ اس سے بھی زیادہ اجر دیتا ہوں۔ پس کسی غم اور کسی خوف کا تو سوال ہی نہیں ہے، ہمیشہ ہر احمدی کو مالی قربانیوں میں آگے سے آگے بڑھنے کی کوشش کرنی چاہیے۔

حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام فرماتے ہیں کہ **چندہ دینے سے ایمان میں ترقی ہوتی ہے اور یہ محبت اور اخلاص کا کام ہے۔ پس اللہ تعالیٰ سے محبت اور رسول سے محبت کا تقاضا ہے کہ قربانی میں ہمارے قدم ہمیشہ آگے بڑھتے رہیں۔ اپنے ایمان کو مضبوط کرنے کے لیے اور اللہ تعالیٰ کے**

حکموں پر عمل کرنے کے لیے حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی جماعت میں ہم شامل ہوئے ہیں تو اس محبت اور اخلاص کا تقاضا ہے کہ اصلاح اور تربیت کے لیے جب مالی قربانی کی ضرورت پڑے تو ہر احمدی ہمیشہ اپنی روایات کو قائم رکھتے ہوئے قربانی میں آگے سے آگے بڑھتا رہے۔

اسی طرح جو مختلف ملکوں کے نومبائعین ہیں انہیں بھی یہ نہیں سمجھنا چاہیے کہ ہماری ضرورتیں باہر کی جماعتیں پوری کریں گی۔ ہر جماعت نے اپنے پاؤں پر خود کھڑا ہونا ہے تاکہ تربیت و تبلیغ کے دوسرے منصوبوں پہ توجہ دی جائے۔ جماعت کی ترقی کے دوسرے منصوبوں پر توجہ دی جائے جن کے لیے بہت سے اخراجات کی ضرورت ہوتی ہے۔ آج کل کے اس ترقی یافتہ دور میں جب ایک طرف ایجادات کی ترقی ہے تو ساتھ ہی اخلاقی گراوٹ کی بھی انتہا ہو چکی ہے۔ اپنی نسلوں کو اس سے بچانے اور دنیا کو صحیح راستہ دکھانے کے لیے بہت زیادہ کوشش کی ضرورت ہے اور ظاہر ہے اس کام کو سرانجام دینے کے لیے فنڈز کی ضرورت ہوتی ہے، رقم کی ضرورت ہوتی ہے۔ جس طرح حضرت مصلح موعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اُس وقت محسوس کیا تھا کہ تربیت کی بہت ضرورت ہے، آج کل بھی کافی تعداد کے لیے اور جو نومبائعین آ رہے ہیں ان کے لیے جس وسیع پیمانے پر ہمیں منصوبہ بندی کرنی چاہئے وہ ہم نہیں کر سکتے۔ اس میں بہت سی وجوہات ہیں اور ایک بڑی وجہ مالی وسائل کی کمی بھی ہے۔ گو کہ ہم جتنا کام پھیلاتے ہیں اللہ تعالیٰ کام پورا کرتا ہے۔ لیکن جب وہاں تک پہنچتے ہیں تو پتہ لگتا ہے کہ اس سے زیادہ بھی کر سکتے تھے۔ اگر ہر جگہ معلم بٹھائیں اور بہت سارے افریقین ممالک ہیں، ہندوستان کی بعض جماعتیں ہیں، جہاں بجلی کا انتظام نہیں ہے وہاں بجلی کا انتظام کر کے ایم ٹی اے مہیا کریں جو ایک تربیت کا بہت بڑا ذریعہ ہے اور اسی طرح کی اور منصوبہ بندی کریں تو اس کے لیے بہت بڑی رقم کی ضرورت ہے۔

جماعت اللہ تعالیٰ کے فضل سے کوشش کرتی ہے کہ کم از کم وسائل کو زیر استعمال لا کر زیادہ سے زیادہ استفادہ کیا جائے۔ یہ معاشیات کا سادہ اصول ہے۔ اور دوسری دنیا میں تو پتہ نہیں اس پر عمل ہو رہا ہے کہ نہیں لیکن جماعت اس پر عمل کرنے کی کوشش کرتی ہے اور کرنی چاہیے۔ جو بھی جماعتی عہدیدار منصوبہ بندی کرنے والے یا کام کرنے والے یا رقم خرچ کرنے والے مقرر کیے گئے ہوں ان کو ہمیشہ اس کے مطابق سوچنا چاہیے اور منصوبہ بندی کرنی چاہیے۔ بعض دفعہ بے احتیاطیاں بھی ہو جاتی ہیں اس لیے جیسا کہ مَیں نے کہا کہ جو ذمہ دار افراد ہیں وہ اس بات کا ہمیشہ خیال رکھا کریں کہ جماعت کا ایک ایک پیسہ بامقصد خرچ ہونا چاہیے۔ **جماعت میں اکثریت ان غریب لوگوں کی ہے جو بڑی قربانی کرتے ہوئے چندے دیتے ہیں اس لیے ہر سطح پر نظام جماعت کو اخراجات کے بارے میں احتیاط کرنی چاہیے کہ ہر پیسہ جو خرچ ہو وہ اللہ تعالیٰ کی رضا حاصل کرنے کے لیے خرچ ہو اور اللہ تعالیٰ کی مخلوق کی ہمدردی پر خرچ ہو۔ جب تک ہم اس روح کے ساتھ اپنے اخراجات کرتے رہیں گے، ہمارے کاموں میں اللہ تعالیٰ بے انتہا برکت ڈالتا رہے گا انشاء اللہ تعالیٰ۔ ابھی تک جماعت کے ساتھ اللہ تعالیٰ کا یہ سلوک ہے کہ جہاں کسی کام پر دوسروں کا ایک ہزار خرچ ہو رہا ہو وہاں جماعت کو ایک سو خرچ کر کے وہ مقاصد حاصل ہو جاتے ہیں۔ تو جب تک اس طرح جماعت احتیاط کے ساتھ خرچ کرتی رہے گی، برکت بھی پڑتی رہے گی۔** جہاں قربانیاں کرنے والے اللہ تعالیٰ کی رضا کے حصول کے لیے اپنی قربانیاں تمام قسم کی بدظنیوں سے بالا ہو کر پیش کریں گے اور جماعت کے افراد اسی سوچ کے ساتھ کرتے ہیں ان کو پتہ ہے کہ خرچ کرنے والے احتیاط سے خرچ کرنے والے ہیں اس لیے اللہ تعالیٰ برکت ڈالتا ہے۔

بعض لوگ ایسے بھی ہیں، چند ایک ہی ہیں، جو مالی لحاظ سے بہت وسعت رکھتے ہیں لیکن چندے اس معیار کے نہیں دیتے اور یہ باتیں کرتے ہوئے سنے گئے ہیں کہ جماعت کے پاس تو بہت پیسہ ہے اس لیے جماعت کو چندوں کی ضرورت نہیں ہے، جو ہم دے رہے ہیں ٹھیک ہے۔ جماعت کے پاس بہت پیسہ ہے یا نہیں، لیکن اللہ تعالیٰ کے فضل سے جماعت کے پیسے میں جیسا کہ مَیں نے بتایا ہے کہ برکت بہت زیادہ ہے۔ اس لیے معترضین اور مخالفین کو بھی یہ بہت نظر آتا ہے۔ معترضین تو شاید اپنی بچت کے لیے کرتے ہیں اور مخالفین کو اللہ تعالیٰ ویسے ہی کئی گنا کر کے دکھا رہا ہوتا ہے۔ یہ اللہ تعالیٰ کا فضل ہے جس کا اس نے وعدہ فرمایا ہے۔ برکت ڈالتا ہے اور بے انتہا برکت ڈالتا ہے۔ مَیں نے یہاں بعض اپنوں کا ذکر کیا تھا جو کہتے ہیں کہ پیسہ بہت ہے اس لیے یہ بھی ہونا چاہیے اور یہ بھی ہونا چاہیے اور خود ان کے چندوں کے معیار اتنے نہیں ہوتے۔ عموماً جماعت

اللہ تعالیٰ کے فضل سے بڑی منصوبہ بندی سے خرچ کرتی ہے۔اس لیے ایسی باتیں کرنے والے بے فکر رہیں اور چندہ نہ دینے کے بہانے تلاش کرنے کی بجائے اپنے فرائض پورے کریں۔ چندوں کی تحریک تو ہمیشہ جماعت میں ہوگی،ہوئی اور ہوتی رہے گی کہ ایمان میں مضبوطی کے لیے یہ ضروری ہے جیسا کہ حضرت مسیح موعودعلیہ الصلوٰۃ والسلام نے قرآن کریم کی تعلیم کے مطابق ہمیں بتایا ہے۔دنیا کی تمام منصوبہ بندیوں میں مال کی ضرورت پڑتی ہے، اس کا بہت زیادہ دخل ہے اور یہ منصوبہ بندی جس میں مال دین کی مضبوطی کے لیے خرچ ہو رہا ہو اور جس کے خرچ کرنے والے کو اللہ تعالیٰ یہ ضمانت دے رہا ہو کہ تمہارے خوف بھی دور ہوں گے اور تمہارے غم بھی دور ہوں گے اور اجر بھی اللہ تعالیٰ کے پاس ہے اور اتنا اجر ہے کہ جس کی کوئی انتہا نہیں تو اس سے زیادہ مال کا اور کیا بہتر استعمال ہو سکتا ہے۔ ہر دینے والا جب اس نیت سے دیتا ہے کہ مَیں دین کی خاطر دے رہا ہوں تو اس نے اپنا ثواب لے لیا۔کس طرح خرچ کیا جا رہا ہے، اول تو صحیح طریقے سے خرچ ہوتا ہے۔اور اگر کہیں تھوڑی بہت کمزوری ہے بھی تو چندہ دینے والے کو بہر حال ثواب مل گیا۔ اس لیے ہمیشہ ہر وہ احمدی جس کے دل میں کبھی انقباض پیدا ہو وہ اپنے اس انقباض کو دور کرے اور اللہ کی رضا حاصل کرنے کی کوشش کرے۔

حضرت مسیح موعودعلیہ الصلوٰۃ والسلام فرماتے ہیں کہ بڑی بڑی سلطنتیں بھی آخر چندوں پر ہی چلتی ہیں۔فرق صرف یہ ہے کہ دنیاوی سلطنتیں زور سے ٹیکس لگا کر وصول کرتی ہیں اور یہاں ہم رضا اور ارادے پر چھوڑتے ہیں۔پس اللہ تعالیٰ بندے کی مرضی پر چھوڑ کر پھر اس کا اجر بھی بے حساب دیتا ہے۔پابند نہیں کر رہا کہ اتنا ضرور دینا ہے۔ چھوڑ بھی بندے کی مرضی پر رہا ہے، ساتھ فرما رہا ہے جو کچھ تم خرچ کرو گے اس کا اجر بھی دوں گا۔ صرف یہ ہے کہ خرچ کرنے والے کی نیت نیک ہونی چاہیے۔اس سے زیادہ سستا اور عمدہ سودا اور کیا ہو سکتا ہے۔

ہندوستان کی جماعتوں کو بھی مَیں کہنا چاہتا ہوں کہ آپ کو رقمیں تو مہیا ہو جاتی ہیں جیسا کہ پہلے بھی مَیں نے کہا تربیتی اور تبلیغی پروگراموں میں گنجائش موجود ہے اس لیے جتنا وہاں کام ہونا چاہیے تھا اتنا نہیں ہو رہا۔اس لیے اس طرف پھر ایک نئے ولولے اور جوش کے ساتھ توجہ دیں۔گزشتہ سال جب قادیان گئے تو توجہ دلانے پر بہتری کی طرف ہل جل تو پیدا ہوئی ہے۔مالی قربانی کے جو انہوں نے اعداد و شمار بھجوائے ہیں ان سے بھی پتہ چلتا ہے کہ تربیت کی طرف توجہ ہے اور اسی وجہ سے پھر مالی قربانی کی طرف بھی لوگوں کی توجہ ہوئی ہے۔وقف جدید میں مالی قربانی کرنے والوں کی تعداد میں اس سال انہوں نے 4 ہزار کا اضافہ کیا ہے۔لیکن یہ بات شاید پہلی دفعہ ہے کہ جو بجٹ انہوں نے بنایا تھا اور پچھلے سال سے بڑھ کر بنایا تھا اس بجٹ سے انہوں نے نومبائعین کے علاقے میں دو لاکھ 30 ہزار زائد وصولی بھی کر لی ہے اور فی کس ادائیگی میں بھی اضافہ ہوا ہے۔چاہے معمولی اضافہ ہے لیکن ان کے لحاظ سے یہ معمولی اضافہ بھی بہت ہے۔گو پانچ ساڑھے پانچ روپے کے قریب اضافہ ہے اور جیسا کہ مَیں نے کہا کہ چندہ دینے والوں کی اکثریت نومبائعین یا چند سال پہلے کے بیعت کنند گان کی ہے۔پس اس طرف مزید توجہ کریں۔ہندوستان کی جماعتیں ابھی تک اپنے اخراجات کا یعنی وقف جدید پر ہونے والے اخراجات کا تقریباً تین فیصد اپنے وسائل سے پورا کر رہی ہیں۔یہ مختصر کوائف جو مَیں نے دیئے ہیں یہ ہندوستان کی جماعتوں کو توجہ دلانے والے ہونے چاہئیں۔اس طرح جو بیعتوں کی تعداد ہے اس حساب سے بھی شمولیت میں بہت گنجائش ہے۔اگلے سال ہندوستان کو بھی اپنے لیے کم از کم شامل ہونے والوں کا 5لاکھ کا ٹارگٹ رکھنا چاہیے۔مجھے امید ہے انشاءاللہ دعاؤں اور توجہ سے اس کام میں پڑیں گے تو کوئی مشکل نظر نہیں آئے گی۔

جیسا کہ مَیں نے بتایا کہ حضرت خلیفۃ المسیح الرابع رحمہ اللہ تعالیٰ نے 1985ء میں **یہ تحریک تمام دنیا کے لیے کر دی تھی اور مقصد ہندوستان کی جماعتوں کی مدد کرنا تھا۔اعداد و شمار سے آپ دیکھ چکے ہیں کہ ہندوستان اپنے وسائل سے فی الحال تین فیصد اخراجات پورے کر رہا ہے اور 97 فیصد اخراجات باہر کی دنیا پورے کرتی ہے اور اس میں یورپ اور امریکہ کے بڑے ممالک ہیں۔اس سال یورپ اور امریکہ کے ممالک کی وقف جدید میں کل وصولی بمشکل ہندوستان کے خرچ پورے کر رہی ہے۔ اور افریقہ کی جماعتوں کے بہت سارے اخراجات دوسری مدات سے پورے کئے جاتے ہیں۔تو ان ممالک کو جو مغرب کے ممالک ہیں بھارت اور افریقہ کے وقف جدید کے اخراجات پورے کرنے کی طرف بھی توجہ دینی چاہیے۔**اس سوچ کے ساتھ قربانی ہونی چاہیے۔یہاں گنجائش موجود

ہے یہ مَیں نے جائزہ لیا ہے۔ مَیں ایک دفعہ پہلے بھی بتا چکا ہوں کہ عموماً یہاں دوسرے اخراجات اور منصوبوں کا عذر کیا جاتا ہے کہ وہاں زیادہ خرچ ہو گیا، اَور منصوبے شروع ہو گئے اس لیے اس میں اتنی کمی رہ گئی۔ تو یہ جو منصوبے ہیں یا دوسرے اخراجات ہیں، یہ پاکستان میں بھی ہیں لیکن وہاں قربانی کے معیار بڑھ رہے ہیں۔ جیسے سپرنگ کو جتنا زیادہ دباؤ اتنا زیادہ وہ اچھل کر باہر آتا ہے اور جو چیز اس پر پڑے اس کو اچھال کر پھینکتا ہے۔ تو احمدیوں کے حالات جتنے بھی وہاں خراب ہوتے ہیں اتنا زیادہ اچھل کر ان کی قربانیوں کے معیار بڑھ رہے ہیں اور باہر آ رہے ہیں۔ اور دوسری دنیا میں بھی جہاں جہاں بھی کوئی سختی جماعت پہ آئی وہاں قربانیوں کے معیار بڑھے ہیں۔ تو مغربی دنیا اس انتظار میں نہ رہیں کہ ضرور حالات خراب ہوں تو ہم نے قربانیاں بڑھانی ہیں بلکہ اپنے ان بھائیوں کے لیے قربانیوں کی طرف مزید توجہ دیں۔ ہاں تو مَیں مغربی ممالک کی گنجائش کی بات کر رہا تھا۔ تو سب سے پہلے مَیں کینیڈا کو لیتا ہوں۔ یہاں بھی اکثریت پاکستانی احمدیوں کی ہے اور شاید 25-20 ہزار سے زیادہ تعداد ہے۔ ان پاکستانی احمدیوں کو جو وہاں رہتے ہیں میں کہتا ہوں کہ آپ پر ہندوستان کا بہت حق ہے۔ اکثر کی جڑیں وہیں سے شروع ہوتی ہیں۔ کینیڈا میں وقف جدید میں شامل افراد کی تعداد صرف 12,862 ہے اور فی کس 40 کینیڈین ڈالرز ہے جبکہ تعداد اور قربانی کی استعداد دونوں میں یہاں پہ گنجائش موجود ہے تو اس طرف توجہ کرنی چاہیے۔

پھر جرمنی ہے، جس کی فی کس قربانی 15 یورو ہے۔ شاملین ماشاء اللہ اچھی تعداد میں ہیں، 22 ہزار 500 کچھ۔ **بہر حال جرمنی میں بھی اکثریت پاکستانی ہے۔ 15 یورو میرے لحاظ سے کم ہے۔ اس طرف ان کو توجہ کرنی چاہیے۔ امریکہ ہے، ان کی ادائیگی ماشاء اللہ اچھی ہے 137 ڈالرز فی کس۔ لیکن وقف جدید میں چندہ دینے کی تعداد میں جو لوگ شامل ہیں ان میں اضافہ کی گنجائش موجود ہے۔ اور اب UK والے نہ سمجھیں کہ ان کو بھول گیا ہوں، پیش کر دیتا ہوں۔ تحریک جدید کے جو بعض اعداد و شمار مَیں نے پیش کیے تھے اس کے بعد کچھ ہل جل ہوئی تھی بعض جماعتوں میں بھی اور مرکزی طور پر بھی۔ تو یہاں بھی وقف جدید کا چندہ فی کس 34 پاؤنڈ ہے۔ اگر اس طرح لیں تو مہینے کا تقریباً پونے تین پاؤنڈز۔ اور میرا خیال ہے کہ آپ جو باہر جاتے ہیں تو ایک وقت میں اس سے زیادہ کے چپس وغیرہ اور دوسری چیزیں اپنے بچوں کو کھلا دیتے ہیں۔ اس میں شمولیت کی بھی کافی گنجائش ہے۔** 12024 کی تعداد میں شمولیت۔ اس سے اَور زیادہ تعداد بڑھ سکتی ہے۔ مَیں نے جو ریجنز کا جائزہ لیا ہے اس میں سکاٹ لینڈ ریجن کی شمولیت ماشاء اللہ سب سے اچھی ہے تقریباً 81 فیصد۔ اور اس کے بعد ساؤتھ ویسٹ ریجن ہے جس میں کارنوال وغیرہ شامل ہیں اس کی 80 فیصد شمولیت ہے۔ نارتھ ایسٹ ریجن کی 78 سے اوپر ہے۔ لیکن یہاں نارتھ ایسٹ میں باقی تو ٹھیک ہے سکنتھ روپ والے اکثر ڈاکٹر ہیں ان کی شمولیت بہت کم ہے۔ اور سب سے کم ساؤتھ ریجن میں 54 فیصد شمولیت ہے۔ تو شمولیت کے لحاظ سے کوشش کرنی چاہیے کہ زیادہ سے زیادہ تعداد وقف جدید میں شامل ہو اور اس میں بچوں کو شامل کریں۔ آگے کوائف مَیں دوبارہ بتاؤں گا بلکہ یہاں مَیں بتا ہی دیتا ہوں اس سے متعلقہ ہی ہیں۔ تحریک جدید میں مَیں نے بریڈ فورڈ کو توجہ دلائی ان کے بڑے خط آئے تھے کہ ہم وقف جدید میں اس دفعہ یہ کر دیں گے وہ کر دیں گے۔ تو ایک تو یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کے فضل سے وقف جدید کی شمولیت میں بھی لندن مسجد کا جو علاقہ ہے وہ فی کس ادائیگی کے لحاظ سے نمبر ایک پر ہی ہے۔ 62 پاؤنڈز سے اوپر تقریباً 63 پاؤنڈز فی کس ہے۔ اور بریڈ فورڈ جنہوں نے بہت دعوے کیے تھے وہ 38 پاؤنڈز پر ہیں۔ اسی طرح برمنگھم بہت ہی نیچے ہے وہاں اچھے بھلے کھاتے پیتے لوگ ہیں، بہت بڑھ سکتے ہیں، مانچسٹر میں بڑھ سکتے ہیں۔ دوسری جماعت جو اپنے لحاظ سے اچھی قربانی کرنے والی ہے وہ ووسٹر پارک ہے۔

تو یہ اور ہندوستان کے کوائف مَیں نے اس لیے بتائے ہیں کہ آپ لوگوں کو ضرورت کا بھی اندازہ ہو جائے اور اپنی قربانی کا بھی۔ ٹھیک ہے اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ اتنا بوجھ نہ ڈالو جو برداشت نہ ہو سکے اور عفو پر عمل کرو یعنی اپنے بیوی بچوں کی ضروریات کا بھی خیال رکھو۔ ان کو پورا کرو۔ لیکن ضروریات کی بھی کوئی حد مقرر ہونی چاہیے اس کے بھی معیار ہونے چاہئیں۔ ورنہ اس زمانے میں جتنا دنیاوی چیزوں کی خواہش کرتے جائیں گے، خواہشیں بڑھتی جائیں گی اور قسم قسم کی جو چیزیں بازار میں دیکھتے ہیں وہ آپ کی خواہشات کو مزید بھڑکاتی ہیں تو اس لحاظ سے بھی دیکھنا چاہیے کہ عفو کی تعریف کیا ہے۔

جیسا کہ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا ہے کہ ایمانی حالت کی بہتری کے لیے بھی قربانی کی ضرورت ہے۔ تو اپنے بچوں میں بھی اس قربانی کی عادت ڈالیں تاکہ جب وہ بڑے ہوں تو ان کی خواہشات کی جو ترجیحات ہیں ان میں اللہ کی خاطر مالی قربانی سب سے اوّل نمبر پر ہو۔ اس سے ایک تو شاملین کی تعداد میں بھی اضافہ ہو گا اور جو عفو کے معیار ہیں وہ ترجیحات بدل جانے سے بدل جائیں گے۔ جو لوگ بچوں کو بھی جب جیب خرچ دیتے ہیں تو ان کو اس میں سے چندہ دینے کی عادت ڈالیں۔ عیدی وغیرہ میں سے چندہ دینے کی عادت ڈالیں، ان مغربی ممالک میں مَیں نے اندازہ لگایا ہے جیسا کہ پہلے بھی مَیں کہہ چکا ہوں کہ بازار سے کھانا برگر وغیرہ جو ہیں اور بڑے شوق سے کھائے جاتے ہیں اور جو مزے کے لیے کھائے جاتے ہیں، ضرورت نہیں ہے۔ اگر مہینے میں صرف دو دفعہ یہ بچا کر وقفِ جدید کے بچوں کے چندے میں دیں تو اسی سے وصولی میں 25 سے 30 فیصد تک اضافہ ہو سکتا ہے۔

تو وقفِ جدید کو جس طرح حضرت خلیفۃ المسیح الثالث رحمہ اللہ تعالیٰ نے پاکستان میں بچوں کے سپرد کیا تھا۔ مَیں بھی شاید پہلے کہہ چکا ہوں، نہیں تو اب یہ اعلان کرتا ہوں کہ باہر کی دنیا بھی اپنے بچوں کے سپرد وقفِ جدید کی تحریک کرے اور اس کی ان کو عادت ڈالے تو بچوں کی بہت بڑی تعداد ہے جو انشاء اللہ تعالیٰ بہت بڑے خرچ پورے کر لے گی اور یہ کوئی بوجھ نہیں ہو گا۔ جب آپ چھوٹی چھوٹی چیزوں میں سے بچت کرنے کی ان کو عادت ڈالیں گے اسی طرح بڑے بھی کریں اور اگر یہ ہو جائے تو ہندوستان کے اخراجات اور کچھ حد تک افریقہ کے اخراجات بھی پورے کیے جا سکتے ہیں۔ بہر حال اس مختصر تاریخ وقفِ جدید اور کوائف کے بعد مَیں مجموعی کوائف بھی بتا دیتا ہوں جس میں ملکوں کی پوزیشن ہو گی اور پاکستان کے شہروں کی پوزیشن بھی۔

مجموعی طور پر اللہ کے فضل سے جماعت نے 22 لاکھ 25 ہزار پاؤنڈز کی قربانی پیش کی ہے جو گزشتہ سال کی نسبت 83 ہزار پاؤنڈز زیادہ رہی ہے۔ اور اس میں گو کہ مقامی ملکوں کے مطابق قربانیوں کے معیار بڑھے ہیں لیکن پاؤنڈز کے مقابلے میں امریکہ اور پاکستان میں بھی کرنسی کا ریٹ بہت کم ہو گیا ہے۔ یعنی ان کی کرنسیوں کے معیار کم ہو گئے ہیں۔ دنیا بھر کی جماعتوں میں ریٹ (Rate) گرنے کے باوجود پاکستان نمبر ایک پہ ہے۔ امریکہ پہلے نمبر ایک پہ ہوتا تھا۔ ان کو شاید یہ احساس ہو کہ ہماری کرنسی شاید گری ہے اس لیے ہم دوسرے نمبر پر چلے گئے لیکن جیسا کہ مَیں نے کہا پاکستان میں قربانیوں کے معیار بہت بڑھ گئے ہیں۔ غریبوں کا جذبہ قربانی جیت گیا ہے۔ پس پاکستان کے احمدیوں سے مَیں یہ کہتا ہوں کہ اس جذبے کو جو آپ میں پیدا ہو گیا ہے کبھی مرنے نہ دیں اور ہر مخالفت کی آندھی اس جذبے کو مزید ابھارنے والی ہو تاکہ آپ کی قربانیوں کے معیار بڑھتے چلے جائیں۔ تو مجموعی پوزیشن کے لحاظ سے پاکستان نمبر ایک پہ، امریکہ نمبر دو پہ، برطانیہ نمبر تین پہ، یہ انہوں نے Maintain رکھا ہوا ہے۔ جرمنی نمبر چار پہ، کینیڈا پانچ، ہندوستان چھ، انڈونیشیا سات، بیلجیئم آٹھ، آسٹریلیا نو اور دسویں نمبر پر سوئٹزرلینڈ ہے۔ لیکن فرانس بھی تقریباً ان کے قریب ہی ہے، معمولی فرق ہے۔ یورپین ممالک میں فرانس میں دعوت الی اللہ کا کام بہت اچھا ہو رہا ہے اور انہوں نے دُور کے فرنچ جزائر میں جا کر وہاں بھی تبلیغ کی ہے اور اچھے نتائج برآمد ہوئے ہیں۔ فرانس کو چاہیے کہ تبلیغ کے ساتھ ساتھ اپنے نومبائعین کو چندوں میں بھی شامل کریں اور ان کو مالی قربانی کی بھی عادت ڈالیں۔ بیلجیئم کی بھی چندوں کی طرف توجہ ہو رہی ہے۔ وقفِ جدید میں شامل ہونے والے افراد چار لاکھ 92 ہزار سے اوپر ہیں۔ اور اس سال 26 ہزار 700 کا اضافہ ہوا ہے۔ اس میں بہت گنجائش ہے۔ اگر جماعتیں کوشش کریں تو بہت اضافہ ہو سکتا ہے۔

پاکستان میں کیونکہ اطفال اور بالغان کے دو مقابلے ہوتے ہیں پہلے بڑوں کا ہے۔ لاہور کی جماعت اوّل ہے، کراچی دوم ہے اور ربوہ سوئم ہے۔ اس کے بعد اضلاع میں راولپنڈی اوّل ہے۔ پھر سیالکوٹ، اسلام آباد، فیصل آباد، گوجرانوالہ، شیخوپورہ، میرپور خاص، سرگودھا، گجرات اور بہاولنگر۔ اور دفتر اطفال میں اوّل لاہور ہے دوم کراچی، سوئم ربوہ کی پوزیشن ہے۔ اور اضلاع میں اسلام آباد، سیالکوٹ، گوجرانوالہ، راولپنڈی، شیخوپورہ فیصل آباد، میرپور خاص، سرگودھا، گجرات اور بہاولنگر۔ تقریباً وہی پوزیشن ہے۔ اللہ تعالیٰ سب احمدیوں کو جنہوں نے اللہ کے دین کی خاطر اپنی ضرورتوں کو قربان کیا اور مالی قربانی کی بہترین جزا دے اور ان کے اموال و نفوس میں برکت دے۔

دینی ضرورتوں میں تو وسعت پیدا ہوتی رہے گی اور اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے انشاء اللہ تعالیٰ یہ ضرورتیں پوری کرتا رہے گا لیکن ہر احمدی ہمیشہ یاد رکھے کہ وہ اللہ کے فضل کو جذب کرنے کے لیے اس کی خاطر مالی قربانیوں میں آگے بڑھنے کی کوشش کرتا رہے۔ جماعت میں مختلف منصوبے ہمیشہ جاری رہتے ہیں۔ یہ نہیں کہ ایک طرف قربانی دی تو دوسری طرف قربانی کے لیے تھک کر بیٹھ گئے۔ ہمیشہ یاد رکھیں جہاں بیٹھے وہاں پھر کمزوریوں پہ کمزوریاں آنی شروع ہو جاتی ہیں۔ اس لیے کبھی اس سوچ کو ذہن میں نہ آنے دیں کہ فلاں جگہ قربانی کر دی تو کافی ہے۔ اگلے جہان میں کام آنے والا بہترین مال وہ ہے جو اللہ کی راہ میں قربان کیا گیا ہو۔ آج کل جماعتوں میں، دنیا میں ہر جگہ مسجدوں کی تعمیر کی طرف بہت توجہ ہو رہی ہے۔ کسی چندے یا کسی تحریک میں ایک طرف توجہ ہو جائے تو اس توجہ کو مساجد کی تعمیر میں روک نہیں بننا چاہیے بلکہ اس طرف توجہ قائم رہنی چاہیے۔ برطانیہ میں بھی اس طرف توجہ پیدا ہوئی ہے۔ ہر سال پانچ مساجد بنانے کا انگلستان کی جماعتوں نے وعدہ کیا ہے۔ بریڈ فورڈ میں تعمیر ہو رہی ہے۔ دو اور جگہ بھی کارروائی ہو رہی ہے انشاء اللہ شروع ہو جائے گی۔ تو یہ کام ساتھ ساتھ جاری رہنے چاہئیں۔ کیونکہ مسجد ایک بہت بڑا ذریعہ ہے اپنی اور اپنے بچوں کی تربیت کا بھی اور تبلیغ کا بھی۔ لجنہ کی ایک میٹنگ میں بڑے زور دار طریقے سے عورتوں نے درخواست کی کہ ہمیں فلاں فلاں جگہ بچوں کی تربیت میں دِقّت پیدا ہو رہی ہے (یہیں UK کی شوریٰ تھی یا کوئی اور میٹنگ تھی) تو ہمیں مساجد بنا کے دی جائیں، بہت ضروری ہیں۔ تو ان کو مَیں نے یہی جواب دیا تھا کہ مساجد ضروری ہیں اس سے کسی کو انکار نہیں۔ لیکن یہ بنانی آپ نے خود ہیں، کسی نے باہر سے آ کے بنا کے نہیں دینی۔ پھر جب نیشنل شوریٰ ہوئی ہے تو اس وقت جب مَیں نے توجہ دلائی تو جماعت نے اللہ کے فضل سے جیسا کہ مَیں نے بتایا ہر سال پانچ مساجد بنانے کا وعدہ کیا ہے۔ اللہ تعالیٰ آپ کو توفیق بھی عطا فرمائے کہ مکمل کر سکیں۔ گزشتہ دنوں میں جب مَیں جرمنی گیا تھا، وہاں بھی زیادہ مقصد اللہ تعالیٰ کے فضل سے مساجد کی تعمیر کے لیے، سنگ بنیاد یا افتتاح کے لیے جانا تھا۔ تین کا افتتاح بھی ہوا، سنگ بنیاد بھی رکھا گیا۔ ایک مسجد جرمنی ہالینڈ کے بارڈر پہ ہے واپس آتے ہوئے اس کا افتتاح ہوا۔ وہ ابھی مکمل نہیں ہوئی لیکن ان کی خواہش تھی کہ اس میں نماز پڑھ لی جائے اسی کو ہم افتتاح سمجھیں گے، اس کی تھوڑی سی فنشنگ رہتی ہے تو وہ انشاء اللہ تعالیٰ جلدی کر لیں گے۔

وہاں ایک بہت بڑی مسجد مجلس انصاراللہ جرمنی نے بنائی ہے۔ اس میں تقریباً سات آٹھ سو نمازی نماز پڑھ سکتے ہیں اور مسجد کے طور پر جرمنی میں یہ سب سے بڑی مسجد ہے جو خاص اس مقصد کے لیے بنائی گئی ہے۔ ہال وغیرہ نہیں بلکہ زمین پہ خاص طور پر مسجد کے مقصد کے لیے جو مسجد کھڑی کی گئی ہے، وہ ابھی تک جرمنی میں یہی بڑی مسجد ہے۔ اس کے ساتھ گیسٹ ہاؤس بھی ہے، مشنری ہاؤس بھی ہے، دفتر وغیرہ بھی ہیں۔ پھر جیسا کہ آپ سب لوگ جانتے ہیں کہ سب سے بڑا بریک تھرو (Break Through) یا بڑی کامیابی جو ہے وہ مسجد برلن کا سنگ بنیاد تھا۔ وہاں مخالفت زوروں پر ہے۔ ابھی بھی مخالفین یہی کہتے ہیں کہ ہم اس مسجد کو بننے نہیں دیں گے اور اس کے خلاف قانونی چارہ جوئی کریں گے۔ گو کہ انتظامیہ کا خیال ہے کہ انشاء اللہ تعالیٰ ایسی کوئی بات نہیں ہو گی کیونکہ قانونی تقاضے پورے ہو رہے ہیں۔ تو اللہ تعالیٰ ہر طرح سے مدد فرماتا ہے اور یہ نظارے ہم دیکھتے رہے۔ پہلے امیر صاحب کا خیال تھا کہ ایک مہینہ پہلے جلدی آ جاؤں تا کہ مسجد کا سنگ بنیاد رکھا جائے۔ لیکن جب دسمبر میں مَیں نے جانے کا فیصلہ کیا تو اس وقت تک ان کو مسجد کی تحریری اجازت نہیں ملی تھی۔ تحریری اجازت بھی میرے جانے کے بعد انہیں ملی ہے تو اس کے بعد کوئی قانونی روک نہیں تھی۔ اس کے بغیر اگر ہم جاتے تو کئی قباحتیں پیدا ہو سکتی تھیں اور بنیاد رکھنا بھی ممکن نہیں تھا۔ پھر وہاں کے میئر اور MP آئے اور انہوں نے بھی جماعت کی تعلیم کو سراہتے ہوئے امید ظاہر کی کہ ہمارے لوگوں کی ساری فکریں دور ہو جائیں گی۔ جس دن افتتاح تھا جب ہم وہاں گئے ہیں تو چالیس پچاس کے قریب مخالفین تھے جو نعرے لگا رہے تھے۔ لیکن جرمنی میں ایک دوسرا گروپ بھی ہمیں نظر آیا۔ جب ہم گئے ہیں انہوں نے بھی بینر اٹھایا ہوا تھا اور وہ جماعت احمدیہ کے حق میں تھا کہ یہاں جماعت ضرور مسجد بنائے اور اس میں کوئی روک نہ ڈالی جائے۔ جماعت نے ان کو نہیں کہا تھا اور نہ وہ جانتے تھے۔ خود ہی کھڑے ہو گئے۔ یہ بھی اللہ تعالیٰ نے مخالفین کے توڑ کے لیے خود ہی وہاں انتظام فرما دیا۔ پھر یہ جو اُن کا چھوٹا سا جلوس تھا اس پر بھی تین چار شہریوں نے ان کے بینر چھیننے کی کوشش کی کہ یہ کیوں کر رہے ہو۔ اللہ

تعالیٰ نے خود ہی ایسا سامان پیدا کر دیا کہ مخالفین کو ہمیں کچھ کہنے کی ضرورت نہیں پڑی۔ ان کے اپنے لوگ ہی ان کو روکنے والے تھے۔ جو مخالفین تھے (لوگ اتنے زیادہ تو تھے نہیں) انہوں نے ایک ٹیپ ریکارڈر میں ایک آواز ریکارڈ کی ہوئی تھی۔ کسی ٹنل میں سے کوئی جلوس گزرا اس کی بڑی گونج تھی لگتا یہ تھا کہ بہت بڑا جلوس ہے اور آوازیں نکال رہا ہے۔ لیکن لگتا ہے ان کو بھی مُلّاؤں کی ٹریننگ تھی کہ ٹیپ ریکارڈر استعمال کرو۔ جو وہاں MP آئے ہوئے تھے انہوں نے بڑی حیرت سے اس بات کا اظہار کیا کہ مَیں تو ایک عرصے سے جماعت کو جانتا ہوں میرے خیال میں بھی نہیں تھا کہ جماعت احمدیہ کی مسجد کی مخالفت ہو رہی ہو گی۔ یہ تو بڑی امن پسند اور پیار کرنے والی جماعت اور پیار پھیلانے والی جماعت ہے۔ اخباروں اور ٹی وی نے بھی بڑی اچھی کوریج دی۔

جیسا کہ مَیں پہلے بھی جرمنی کے خطبہ میں بتا چکا ہوں کہ حضرت مصلح موعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے برلن میں مسجد کی تعمیر کی خواہش کا اظہار فرمایا تھا اور آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی بڑی شدید خواہش تھی۔ اور اس وقت ایک ایکڑ رقبہ کا قریباً سودا بھی ہو گیا تھا بلکہ میرا خیال ہے لیا بھی گیا تھا اور آج کل کے حالات میں اتنا بڑا رقبہ ملنا ممکن نہیں، کافی مشکل ہے کیونکہ زمینیں کافی مہنگی ہیں۔ جرمنی میں عموماً جو پلاٹ مساجد کے لیے خریدے جا رہے ہیں وہ بڑے چھوٹے ہوتے ہیں۔ لیکن اللہ تعالیٰ نے یہ فضل فرمایا کہ یہاں تقریباً ایک ایکڑ سے زائد کا رقبہ برلن کی مسجد کے لیے مل گیا ہے اور اللہ میاں نے بڑی سستی قیمت پر دلا دیا۔ جبکہ باقی مساجد جو وہاں بن رہی ہیں اس سے چوتھے پانچویں حصے میں بن رہی ہیں۔ پہلے مَیں یہ بتا دوں کہ حضرت مصلح موعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا جو اس وقت کا منصوبہ تھا وہ نقشہ دیکھ کے آدمی حیران ہو تا تھا۔ 600 نمازیوں کے لیے ہال کی گنجائش تھی، مشن ہاؤس، گیسٹ ہاؤس، پھر اس میں 13 کمرے تھے جو سٹوڈنٹس کے لیے، طلباء کے لیے رکھے گئے تھے، اب جو مسجد بن رہی ہے اس کے نقشے میں بھی تقریباً 500 نمازیوں کے لیے گنجائش ہو گی اسی طرح باقی چیزیں ہیں۔ اور اگر فوری نہیں تو بعد میں کبھی جب بھی سہولت ہو، ان شاء اللہ تعالیٰ اس کو وسعت دی جا سکتی ہے۔ 1920ء میں جب تحریک ہوئی تھی تو لجنہ اماء اللہ نے تعمیر کے لیے رقم جمع کی تھی۔ **حضرت مصلح موعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا تھا کہ کیونکہ یورپ میں عورتوں کے بارے میں یہ خیال ہے کہ ہم میں عورت جانور کی طرح سمجھی جاتی ہے۔ جب یورپ کو یہ معلوم ہو گا کہ اس وقت اس شہر میں جو دین کا مرکز بن رہا ہے اس میں مسلمان عورتوں نے جرمنی کے نو مسلم بھائیوں کے لیے مسجد تیار کروائی ہے تو کس قدر شرمندہ اور حیران ہوں گے۔ تو جرمنی کی لجنہ کو جب یہ علم ہوا کہ پہلی کوشش مسجد کی تعمیر کی تھی اور عورتوں کی قربانیوں سے بنی تھی تو لجنہ جرمنی نے کہا کہ ہم اس مسجد کا خرچ برداشت کریں گی جو تقریباً ڈیڑھ ملین سے 2 ملین یورو کے قریب ہے۔ اللہ تعالیٰ ان کو جزاء دے اور ان کے مال و نفوس میں برکت ڈالے اور جلد سے جلد اپنا یہ وعدہ پورا کر سکیں تاکہ اپنا وعدہ پورا کر کے دوسرے منصوبوں اور قربانی کے لیے تیار ہو جائیں۔ اس مسجد کا نام خدیجہ مسجد رکھا گیا ہے۔** پس لجنہ ہمیشہ یاد رکھے کہ یہ مبارک نام اس پاک خاتون کا ہے جو سب سے پہلے آنحضرت ﷺ پر ایمان لائیں اور آپ ﷺ پر اپنا سارا مال قربان کر دیا۔ پس جہاں یہ مسجد احمدی عورت کو قربانی کے اعلیٰ معیار کی طرف توجہ دلانے والی بنی رہے وہاں دنیا سے بے رغبتی اور تقویٰ کے اعلیٰ معیار قائم کرنے کی طرف بھی ہر احمدی کو توجہ دلانے والی بنی رہے تاکہ ہماری آئندہ نسلیں بھی تقویٰ پر چلتے ہوئے ہر قسم کی قربانی کے اعلیٰ معیار قائم کرنے والی بنی رہیں، جو حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے مشن کو ہمیشہ آگے سے آگے بڑھانے والی ہوں۔ مشرقی جرمنی میں یہ جو برلن میں مسجد بن رہی ہے، یہ ایک مسجد ہی نہیں بلکہ آئندہ نسلیں اور مساجد تعمیر کرنے والی بھی ہوں اور کرتی چلی جائیں اور ان کو آباد کرنے والی بھی ہوں اور خدائے واحد کے نام کو دنیا کے کونے کونے میں پھیلانے والی ہوں۔ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے مقصد کو پورا کرنے والی ہوں اور اس میں مددگار بنیں۔ اللہ تعالیٰ ہمیں وہ دن جلد دکھلائے جب ہم دنیا کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے جھنڈے تلے جمع کر کے خدائے واحد کے حضور جھکتا ہوا دیکھیں۔ آمین۔

(مطبوعہ الفضل انٹرنیشنل لندن مورخہ 2 تا 8 فروری 2007ء ص 5 تا 8)

دنیا کا پہلا مذہب

(شاہدہ ناصر - مجلس نور ستر اند)

اللہ تعالیٰ نے یہ کائنات بنائی۔ زمین وآسمان کی تخلیق کے بعد انسان کو اشرف المخلوقات بنایا۔ انسان مختلف ارتقائی منازل طے کرتا ہوا جب شعور کی اس حد تک پہنچا کہ اچھے برے کی تمیز کرسکے تو اس کے روحانی ارتقاء کے لیے حضرت آدم کو بنایا۔ اس سے قبل انسان غاروں میں بستے تھے کیونکہ روئے زمین پر وحشی حیوانوں کا خطرہ لاحق تھا۔ آج سے 6000 برس پہلے جس آدم علیہ السلام جو کے پہلے شرعی نبی کہلائے کی تخلیق کا واقعہ قرآن کریم میں یوں بیان ہوا:

وَ اِذۡ قَالَ رَبُّکَ لِلۡمَلٰٓئِکَۃِ اِنِّیۡ جَاعِلٌ فِی الۡاَرۡضِ خَلِیۡفَۃً ؕ قَالُوۡۤا اَتَجۡعَلُ فِیۡہَا مَنۡ یُّفۡسِدُ فِیۡہَا وَ یَسۡفِکُ الدِّمَآءَ ۚ وَ نَحۡنُ نُسَبِّحُ بِحَمۡدِکَ وَ نُقَدِّسُ لَکَ ؕ قَالَ اِنِّیۡۤ اَعۡلَمُ مَا لَا تَعۡلَمُوۡنَ۔ وَ عَلَّمَ اٰدَمَ الۡاَسۡمَآءَ کُلَّہَا ثُمَّ عَرَضَہُمۡ عَلَی الۡمَلٰٓئِکَۃِ ۙ فَقَالَ اَنۡۢبِـُٔوۡنِیۡ بِاَسۡمَآءِ ہٰۤؤُلَآءِ اِنۡ کُنۡتُمۡ صٰدِقِیۡنَ۔ قَالُوۡا سُبۡحٰنَکَ لَا عِلۡمَ لَنَاۤ اِلَّا مَا عَلَّمۡتَنَا ؕ اِنَّکَ اَنۡتَ الۡعَلِیۡمُ الۡحَکِیۡمُ۔ قَالَ یٰۤاٰدَمُ اَنۡۢبِئۡہُمۡ بِاَسۡمَآئِہِمۡ ۚ فَلَمَّاۤ اَنۡۢبَاَہُمۡ بِاَسۡمَآئِہِمۡ ۙ قَالَ اَلَمۡ اَقُلۡ لَّکُمۡ اِنِّیۡۤ اَعۡلَمُ غَیۡبَ السَّمٰوٰتِ وَ الۡاَرۡضِ ۙ وَ اَعۡلَمُ مَا تُبۡدُوۡنَ وَ مَا کُنۡتُمۡ تَکۡتُمُوۡنَ۔ (بقرہ:34-31)

اور (یاد رکھ) جب تیرے ربّ نے فرشتوں سے کہا کہ یقیناً میں زمین میں ایک خلیفہ بنانے والا ہوں۔ انہوں نے کہا کیا تُو اُس میں وہ بنائے گا جو اُس میں فساد کرے اور خون بہائے جبکہ ہم تیری حمد کے ساتھ تسبیح کرتے ہیں اور ہم تیری پاکیزگی بیان کرتے ہیں۔ اُس نے کہا یقیناً میں وہ سب کچھ جانتا ہوں جو تم نہیں جانتے۔ اور اس نے آدم کو تمام نام سکھائے پھر ان (مخلوقات) کو فرشتوں کے سامنے پیش کیا اور کہا مجھے ان کے نام بتلاؤ اگر تم سچے ہو انہوں نے کہا پاک ہے تو ہمیں کسی بات کا کچھ علم نہیں سوائے اس کے جس کا تو ہمیں علم دے یقیناً تُو ہی ہے جو دائمی علم رکھنے والا (اور) بہت حکمت والا ہے۔ اُس نے کہا اے آدم! تو اِن کو اُن کے نام بتا۔ پس جب اُس نے انہیں اُن کے نام بتائے تو اُس نے کہا کیا میں نے تمہیں کہا نہیں تھا کہ یقیناً میں ہی آسمانوں اور زمین کے غیب کو جانتا ہوں اور میں وہ (بھی) جانتا ہوں جو تم ظاہر کرتے ہو اور وہ (بھی) جو تم چھپاتے ہو۔

مندرجہ بالا آیات میں جو خلیفہ کا لفظ آیا ہے یہ اس امر پر دلالت کرتا ہے کہ آدم علیہ السلام پہلے آدمی نہیں بلکہ پہلے نبی ہیں۔ مناسب حال ایک قول حضرت محی الدین ابن عربی صاحب کا ہے وہ لکھتے ہیں کہ (کشف / خواب میں) میں حج کرنے کے واسطے گیا تو وہاں مجھے ایک شخص ملا جس کو میں نے خیال کیا کہ وہ آدم ہے میں نے اس سے پوچھا کیا تو ہی آدم ہے؟ اس پر اس نے جواب دیا کہ تم کون سے آدم کے متعلق سوال کرتے ہو آدم تو ہزاروں گزرے ہیں۔ (الحکم، جلد 30، 12 مئی 1908)

حضرت خلیفۃ المسیح الاول رضی اللہ تعالیٰ عنہ اس آیت کی تفسیر میں فرماتے ہیں:

”غرض اس زمین کے تمام مقدس فرشتوں کے مقدس گروہ نے آدم علیہ السلام سے پہلی قوموں کی بد اطواری اور کافروں، ڈشتوں، ویسیوں، شیطانوں اور آمروں کے برے کام اور بدچلنی دیکھی ہوئی تھی (فرشتے) غلطی سے سمجھ بیٹھے کہ یہ آدم بھی آدم ہے پہلی قوموں کی طرح فساد قتل اور سفک دماء نہ کرے“ نیز حضور لکھتے ہیں ”اورامام الائمہ حضرت سیدنا امام محمد باقر علیہ السلام سے روایت ہے جیسے تفسیر کبیر میں لکھا ہے اس آدم علیہ السلام سے پہلے ہزار در ہزار آدم گزر چکے ہیں“۔ (تصدیق براہین احمدیہ، صفحہ 119 تا 127)

حضرت آدم علیہ السلام روحانی لحاظ سے ابوالبشر ہیں حضرت خلیفۃ المسیح الثانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اس فرق کو بڑے شرح وبسط کے ساتھ تفسیر کبیر میں بیان کیا ہے۔ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں "قرآن کریم کے نزدیک بشر کی پیدائش یکدم نہیں ہوئی اور آدم علیہ السلام سے اس کی ابتدا نہیں ہوئی بلکہ آدم علیہ السلام بشر کی اس حالت کے پہلے ظہور تھے جب سے وہ حقیقی طور پر انسان کہلانے کا مستحق ہوا اور شریعت کا حامل ہونے کے قابل ہوا اور اس وجہ سے گو آدم علیہ السلام روحانی لحاظ سے ابوالبشر ہیں کیوں کہ روحانی دنیا کی ابتدا ان سے ہوئی اور وہ پہلے ملہم انسان تھے مگر جسمانی لحاظ سے ضروری نہیں کہ وہ سب موجودہ انسانوں کے باپ ہوں بلکہ ہو سکتا ہے کہ کچھ حصہ انسانوں کا ان دوسرے بشروں کی اولاد ہو جو حضرت آدم علیہ السلام کے وقت میں موجود تھے"۔ (تفسیر کبیر جلد اول صفحہ 294 – 295)

پھر سورہ البقرہ آیت 32 میں جو علم آدم السماء کہا اس سے مراد صفات الہیہ ہیں جن کا صحیح علم خدا تعالیٰ کے سکھانے سے ہی آ سکتا ہے۔ خلیفہ رابع رحمہ اللہ تعالیٰ نے انبیاء کرام کے نام مراد لیے جنہوں نے بعد میں اپنے اپنے وقت پر آنا تھا۔ خلیفہ الثانی رضی اللہ عنہ کا استنباط ہے کہ: چونکہ انسانوں کے متمدن ہونے کی صورت میں ان کے لیے ایک زبان کی ضرورت تھی اللہ تعالیٰ نے آدم کو زبان کے اصول سکھائے جن کے مطابق انہوں نے زبان کا علم جاری کیا معلوم ہوتا ہے کہ وہ زبان عربی تھی۔ (تفسیر صغیر صفحہ 11)

ابلیس کون تھا؟

سورہ البقرہ آیت 35 میں ذکر ہے کہ: وَ اِذۡ قُلۡنَا لِلۡمَلٰٓئِکَۃِ اسۡجُدُوۡا لِاٰدَمَ فَسَجَدُوۡۤا اِلَّاۤ اِبۡلِیۡسَ ؕ اَبٰی وَ اسۡتَکۡبَرَ ٭۫ وَ کَانَ مِنَ الۡکٰفِرِیۡنَ۔

اور جب ہم نے فرشتوں سے کہا کہ آدم کی خاطر سجدہ کرو تو وہ سب سجدہ ریز ہوگئے سوائے ابلیس کے۔ اس نے انکار کیا اور استکبار سے کام لیا اور وہ کافروں میں سے تھا۔

ابلیس کا مطلب ہے کہ اللہ کی رحمت سے مایوس ہونے والا۔ دراصل وہ لوگ جو آدم کے وقت میں پہلے سے موجود تھے ان کی فطرت میں نافرمانی تھی اسی لیے آدم کی اطاعت سے منکر ہونے والا ابلیس کہلایا اور وہ لوگ جو غاروں سے باہر نہ آئے اور آدم علیہ السلام کی بات نہ مانی شیطانی گروہ کہلایا۔ آدم مٹی سے پیدا ہوئے اس سے مراد ہے کہ آپ کی طبیعت میں عاجزی اور انکساری کا مادہ ہے اور ناری فطرت والے وہ لوگ جن کی سرشت میں تکبر اور بڑائی کا مادہ ہو۔

حضرت حوا کے متعلق ایک انکشاف

قرآن کریم سے ثابت ہوتا ہے کہ حضرت حوا بھی آدم علیہ السلام کے ساتھ پہلے رہ رہی تھیں۔ جو خیال کرتے ہیں کہ اسے آدم کی پسلی سے پیدا کیا ہے قرآن کریم اس کا رد پیش کرتا ہے۔ سورہ البقرہ آیت 36 میں آتا ہے کہ: وَ قُلۡنَا یٰۤاٰدَمُ اسۡکُنۡ اَنۡتَ وَ زَوۡجُکَ الۡجَنَّۃَ وَ کُلَا مِنۡہَا رَغَدًا حَیۡثُ شِئۡتُمَا ۪ وَ لَا تَقۡرَبَا ہٰذِہِ الشَّجَرَۃَ فَتَکُوۡنَا مِنَ الظّٰلِمِیۡنَ۔

اور ہم نے آدم سے کہا کہ اے آدم تو اور تیری بیوی جنت میں رہو اور اس میں سے جہاں سے چاہو بافراغت کھاؤ، مگر اس فلاں درخت کے قریب نہ جانا ورنہ تم ظالموں میں سے ہو جاؤ گے۔

عورت کو پسلی سے پیدا کیا گیا ہے سے مراد یہ ہے کہ عورت کی طبیعت میں ناز کا پہلو ہے وہ نازک مزاج ہیں ان کو سیدھا کرنے کی کوشش کروگے تو وہ ٹوٹ جائیں گی گویا عورتوں سے حسن سلوک کی تلقین کی گئی ہے۔ اور اس حدیث میں کہیں بھی حوا کی تخلیق کا نام نہیں آیا بلکہ خُلِقۡنَ مِنۡ ضِلۡعٍ کے الفاظ ہیں جو تمام عورتوں کی پیدائش کے متعلق ہیں۔ جیسے ابلیس، شیطان آدم علیہ السلام ان کی زوجہ اور دیگر انسان سب حضرت آدم کی نبوت سے قبل موجود

تھے۔ اللہ تعالیٰ نے جس جنت کا ذکر کیا ہے اس سے مراد سرسبز وشاداب باغ کے ہیں جس میں کھانے پینے کی بہتات اور پیار محبت کرنے والے امن پسند لوگ رہتے تھے۔ حضرت خلیفہ المسیح الثانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنی کتاب سیر روحانی میں اس مضمون پر تفصیلی روشنی ڈالی ہے کہ وہ جنت زمین پر ہی تھی نہ کہ آسمان پر الغرض کہ حضرت آدم پہلی شریعت لے کر آئے اور غاروں میں بسنے والوں کو سطح زمین پر رہنے کی دعوت دی جنہوں نے آپ کی اطاعت کی وہ انسان کہلائے جنہوں نے غاروں سے باہر آنے سے انکار کیا وہ جن کہلائے یعنی چھپے ہوئے۔ حضرت آدم سطح زمین پر رہنے کی وجہ سے آدم کہلائے عربی میں اس کے معنی گندمی رنگ یا سطح زمین پر رہنے والے کے ہیں۔

حضرت آدم علیہ السلام نے الٰہی شریعت کی روشنی میں جس ریاست کی بنیاد رکھی اس کے اصول درج ذیل تھے۔ نکاح کرو، قتل نہ کرو، فساد نہ کرو، ننگے نہ رہو، ایک دوسرے کی کھانے پینے پہننے اور رہائش کے معاملہ میں مدد کرو، اللہ تعالیٰ سے دعا کر لیا کرو، ایک شخص کو اپنا حاکم تسلیم کرلو اور اس کے ہر حکم کی اطاعت کرو اور اگر تم اس کے کسی حکم کو توڑو تو تم سزا برداشت کرنے کے لیے تیار رہو۔ یہ اس کی گورنمنٹ تھی اور یہی اس کا قانون اور یہی پہلا مذہب تھا۔

پھر سورہ البقرہ آیت 37 میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ: **فَاَزَلَّهُمَا الشَّيْطٰنُ عَنْهَا فَاَخْرَجَهُمَا مِمَّا كَانَا فِيْهِ ۪ وَ قُلْنَا اهْبِطُوْا بَعْضُكُمْ لِبَعْضٍ عَدُوٌّ ۚ وَ لَكُمْ فِي الْاَرْضِ مُسْتَقَرٌّ وَّ مَتَاعٌ اِلٰى حِيْنٍ۔**

پس شیطان نے ان دونوں کو اس (درخت) کے معاملہ میں پھسلا دیا پس اُس سے انہیں نکال دیا جس میں وہ پہلے تھے اور ہم نے کہا تم نکل جاؤ (اس حال میں کہ) تم میں سے بعض بعض کے دشمن ہوں گے اور تمہارے لیے (اس) زمین میں ایک عرصہ تک قیام اور استفادہ (مقدر) ہے۔

جب آدم اپنی جنت سے نکال دیے گئے تو آپ ملک ہند کی طرف ہجرت کر گئے۔ وہاں سے مکہ بھی گئے اور اللہ تعالیٰ کے حکم سے خانہ کعبہ کی تعمیر بھی کی انہی بنیادوں پر حضرت ابراہیم علیہ السلام نے دوبارہ اس خانہ خدا کی تعمیر کی۔ درخت کے پھل سے مراد شیطانی اعمال ہیں جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے پاک کلمہ کو شجرہ طیبہ سے تشبیہ دی ہے اور برے عمل کو شجرہ خبیثہ سے تشبیہ دی ہے۔ گویا حضرت آدم علیہ السلام اور حوا سے غلطی ہو گئی اور وہ کیے پر نادم تھے کہ ہم شیطان کی تدبیر کے شکار ہو گئے۔ دراصل شیطان ہے ہی بہلانے والا دھوکہ اور فریب اس کے ہتھیار ہیں۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ نے اپنی غفاری کی صفت کے ذریعہ یہ دعا سکھائی۔

قَالَا رَبَّنَا ظَلَمْنَاۤ اَنْفُسَنَا . وَ اِنْ لَّمْ تَغْفِرْ لَنَا وَ تَرْحَمْنَا لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ۔ (الاعراف:24)

اُن دونوں نے کہا کہ اے ہمارے ربّ! ہم نے اپنی جانوں پر ظلم کیا اور اگر تو نے ہمیں معاف نہ کیا اور ہم پر رحم نہ کیا تو یقیناً ہم گھاٹا کھانے والوں میں سے ہو جائیں گے۔

آدم علیہ السلام کے مذہب کا خلاصہ سورہ البقرہ آیت 39 اور 40 میں یوں بیان ہوا ہے کہ

فَاِمَّا يَاْتِيَنَّكُمْ مِّنِّيْ هُدًى فَمَنْ تَبِعَ هُدَايَ فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَ لَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ۔ وَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَاۤ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ۔

پس جب کبھی بھی تمہارے پاس میری طرف سے ہدایت آئی تو جنہوں نے میری ہدایت کی پیروی کی ان پر کوئی خوف نہیں ہوگا اور نہ ہی وہ کوئی غم کریں گے۔ اور وہ لوگ جنہوں نے انکار کیا اور ہمارے نشانات کو جھٹلایا وہی ہیں جو آگ میں پڑنے والے ہیں۔ وہ اس میں لمبا عرصہ رہنے والے ہیں۔

اللہ تعالیٰ ہمیں صراط مستقیم پر چلنے اور شیطانی قوتوں سے بچنے کی توفیق عطا فرمائے آمین۔

ہدیہ بحضور سرورِ کائنات ﷺ

(نبیلہ رفیق)

اے شاہِ رسل اے شاہِ زماں　　اخلاق کے بہتے بحرِ بے کراں

تو نورِ مجسّم نورِ ہدیٰ　　اوصاف ترے خلقِ قرآں

اطہر بھی بنا ارحم بھی ہوا　　تو نورِ مسلسل فیض رساں

آزاد غلام ہوئے جب سے　　تری قید میں آئے شاہ و گدا

گفتار میں لذّت جنت کی　　رفتار جلال رخ رحماں

تری جود و سخا ہے مثل ہوا　　کردار کی عظمت کوہِ صفا

ترا صبر و ثبات اُحد جیسا　　اشرف ہوئی تجھ سے ارض قبا

ترے جذب کی قید میں سر تا پا　　ارواحِ عرش ہیں مدح سرا

اے شاہِ رسل اے شاہِ زماں　　مثلِ باراں تری روح شفا

تو نورِ مسلسل فیض رساں

ترا روپ بنا قلمِ یزداں

(از یادوں کے جگنو، صفحہ 35)

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے تبلیغی خطوط

(عیشہ خورشید – مجلس بیت النصر)

مدینہ ہجرت کے بعد رسول االلہ ﷺ نے یہ ارادہ کیا کہ آپ اسلام کا پیغام دنیا کے کناروں تک پہنچائیں۔ جب آپ نے اپنے اس ارادے کا ذکر صحابہؓ سے کیا تو انہوں نے آپ ﷺ کو اپنے نام کی مہر بنانے کا مشورہ دیا۔ ایک انگوٹھی بنوائی جس پر محمد رسول االلہ کے الفاظ کھدوائے۔ اللہ تعالیٰ کے ادب کے طور پر آپ نے سب سے اوپر اللہ کا پھر رسول اور پھر محمد لفظ کھدوادیا۔ محرم 628ء میں رسول کریم ﷺ کے خط لے کر صحابہؓ مختلف ممالک کی طرف روانہ ہوئے۔

قیصر روم ہرقل کے نام خط

پہلا خط قیصر روما کو حضرت وحیہ کلبیؓ کے ہاتھ بھیجا گیا۔ جب وحیہؓ قیصر کے پاس پہنچے تو انہیں قیصر کو سجدہ کرنے کا کہا گیا لیکن آپؓ نے انکار کر دیا اور کہا کہ ہم مسلمان کسی انسان کو سجدہ نہیں کرتے چنانچہ آپؓ بغیر سجدہ کیے اس کے سامنے گئے اور خط پیش کیا۔ جو خط رسول ﷺ نے قیصر کے نام لکھا تھا۔ بعض تاریخوں میں ذکر آتا ہے کہ جب یہ خط بادشاہ کے سامنے پیش ہوا تو درباریوں میں سے بعض نے کہا کہ اس خط کو پھاڑ کر پھینک دینا چاہیے کیونکہ اس میں بادشاہ کی ہتک کی گئی ہے اور خط کے اوپر بادشاہِ روم نہیں لکھا گیا بلکہ صاحب الروم یعنی روم کا والی لکھا ہے مگر بادشاہ نے کہا یہ عقل کے خلاف ہے کہ خط پڑھنے سے پہلے پھاڑ دیا جائے اور یہ جو اس نے مجھے روم کا والی لکھا ہے یہ درست ہے آخر مالک تو خدا ہی ہے میں والی ہی ہوں۔ بادشاہ نے خط سننے کے بعد حکم دیا کہ کوئی عرب کا قافلہ آیا ہو تو ان لوگوں کو پیش کرو تا کہ آپ ﷺ کے بارہ میں دریافت کر سکے ان دنوں اتفاقاً ابوسفیان ایک تجارتی قافلہ کے ساتھ اس وقت وہاں آیا ہوا تھا۔ بادشاہ نے حکم دیا کہ ابوسفیان کو سب سے آگے کھڑا کیا جائے اور اس کے ساتھیوں کو اس کے پیچھے کھڑا کیا جائے اور ہدایت کی کہ اگر ابوسفیان کسی بات میں جھوٹ بولے تو اس کے ساتھی اس کی فوراً تردید کریں۔

ابوسفیان کے جوابات سننے کے بعد قیصر نے کہا:

سنو! میں نے تم سے یہ سوال کیا تھا کہ محمد ﷺ کا نسب کیا ہے تو تم نے کہا وہ خاندانی لحاظ سے اچھا ہے اور انبیاء ہمیشہ ایسے ہی ہوا کرتے ہیں۔ اور پھر میں نے تم سے پوچھا کہ کیا ایسے دعویٰ سے پہلے اس پر جھوٹ کا بھی الزام لگایا گیا ہے اور تم نے کہا نہیں تو میں نے سمجھ لیا کہ جو شخص انسانوں کے متعلق جھوٹ نہیں بولتا وہ خدا تعالیٰ کے متعلق بھی جھوٹ نہیں بول سکتا۔ نہ اس کے باپ دادا میں سے کوئی بادشاہ تھا اور نہ اس نے کسی کی دیکھا دیکھی ایسا دعویٰ کیا ہے۔ اس کی جماعت میں کمزور اور مسکین طبع لوگ داخل ہوتے ہیں اور بڑھتے ہی جا رہے ہیں۔ یہی حالت نبیوں کی جماعت کی ہوا کرتی ہے جب تک وہ کمال کو نہیں پہنچ جاتی اس وقت تک وہ بڑھتے چلے جاتے ہیں۔ انبیاء کی جماعت سے کوئی شخص نکلے تو ان کے دین کو برا سمجھ کر نہیں نکلتا۔ نبیوں کی جماعت پر شروع شروع میں مصیبتیں آتی ہیں لیکن آخر جیتتے وہی ہیں۔ ابوسفیان نے بتایا کہ محمد ﷺ نماز، سچائی، پاکدامنی وفائے عہد اور امانت دار ہونے کی تعلیم دیتا ہے اور دھوکے بازی نہیں کرتا۔ یہ طور طریق تو ہمیشہ نیک لوگوں کے ہی ہوا کرتے ہیں۔ میں سمجھتا ہوں کہ محمد ﷺ نبوت کے دعویٰ میں سچا ہے اور

میرا خود یہ خیال تھا کہ اس زمانہ میں ایک 'نبی' آنے والا ہے مگر یہ خیال نہیں تھا کہ وہ عربوں میں پیدا ہونے والا ہے اور جو جواب ابوسفیان نے مجھے دیے ہیں اگر وہ سچے ہیں تو پھر میں سمجھتا ہوں کہ محمد ﷺ ان ممالک پر ضرور قابض ہو جائے گا۔ قیصر کی ان باتوں پر اس کے درباریوں میں جوش پیدا ہو گیا اور انہوں نے کہا آپ مسیحی ہوتے ہوئے ایک غیر قوم کے آدمی کی صداقت کا اقرار کر رہے ہیں اور دربار میں احتجاج کی آوازیں بلند ہونے لگیں۔ اس پر دربار کے افسروں نے جلدی سے ابوسفیان اور اس کے ساتھیوں کو دربار سے باہر نکال دیا۔

فارس کے بادشاہ کے نام خط

حضرت عبداللہ بن حذافہؓ آپ ﷺ کا خط لے کر کسریٰ کے دربار گئے۔ آپؓ نے وہاں پہنچ کر خط دیا اور ترجمان نے پڑھ کر سنایا۔ کسریٰ نے غصہ کے عالم میں خط پھاڑ دیا۔ جب عبداللہ بن حذافہ نے یہ خبر آکر رسول اللہ ﷺ کو سنائی تو آپ ﷺ نے فرمایا کسریٰ نے جو کچھ ہمارے خط کے ساتھ کیا خدا تعالیٰ اس کی بادشاہت کے ساتھ ایسا ہی کرے گا۔ معاًبعد کسریٰ نے یمن کے گورنر کو ایک چٹھی لکھی جس کا مضمون یہ تھا کہ قریش میں سے ایک شخص نبوت کا دعویٰ کر رہا ہے اور اپنے دعووں میں بہت بڑھتا چلا جا رہا ہے تو فوراً اس کی طرف دو آدمی بھیجو جو اس کو پکڑ کر میری خدمت میں حاضر کریں۔ گورنر نے دو آدمی خط کے ساتھ آپ کی طرف بھجوائے اس خط میں حکم تھا کہ آپ اس خط کے ملتے ہی فوراً ان لوگوں کے ساتھ کسریٰ کے دربار میں حاضر ہو جائیں۔ مدینہ پہنچ کر انہوں نے رسول اللہ ﷺ کو پیغام دیا۔ آپ ﷺ نے ان کی بات سن کر اگلے دن ملنے کا فرمایا۔ آپ ﷺ کو اللہ نے خبر دی کہ فلاں تاریخ کو کسریٰ کا قتل اس کے بیٹے کے ہاتھوں ہو گا۔ جب صبح ہوئی رسول اللہ ﷺ نے ان دونوں کو بلایا اور ان کو اس پیشگوئی کی خبر دی۔ پھر رسول اللہ ﷺ نے باذان کی طرف لکھا کہ خدا تعالیٰ نے مجھے خبر دی ہے کہ کسریٰ فلاں تاریخ کو قتل کر دیا جائے گا۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا۔ کچھ عرصے بعد باذان گورنرِ یمن کی طرف ایران کے کسریٰ شیروی کی طرف سے یہ خط لکھا جاتا ہے، اور لکھا اس سے پہلے میرے باپ نے جو عرب کے ایک نبی کی گرفتاری کا حکم جاری کیا تھا اس کو منسوخ سمجھو۔ خط پڑھ کر باذان اتنا متاثر ہوا کہ اسی وقت وہ اور اس کے کئی ساتھی اسلام لے آئے اور رسول اللہ ﷺ کو اپنے قبول اسلام کی اطلاع دے دی۔

نجاشی شاہ حبشہ کے نام خط

تیسرا خط آپ ﷺ نے نجاشی کے نام لکھا جو عمرو بن امیہ ضمریؓ کے ہاتھ بھجوایا تھا۔ جب یہ خط نجاشی کو پہنچا تو اس نے بڑے ادب سے اس خط کو اپنی آنکھوں سے لگایا اور تخت سے نیچے اتر کر کھڑا ہو گیا اور کہا کہ ہاتھی دانت کا ایک ڈبہ لاؤ۔ اس نے وہ خط ادب کے ساتھ اس ڈبہ میں رکھ دیا اور کہا کہ جب تک یہ خط محفوظ رہے گا حبشہ کی حکومت بھی رہے گی۔ چنانچہ نجاشی کا یہ خیال درست ثابت ہوا۔ اس احسان کی وجہ سے جو حبشہ کے بادشاہ نے ابتدائی اسلامی مہاجرین کے ساتھ کیا تھا اور اس احترام کی وجہ سے جو رسول اللہ ﷺ کے خط کا نجاشی نے کیا تھا انہوں نے حبشہ کی طرف نظر اٹھا کر بھی نہ دیکھا۔

مقوقس شاہ مصر کے نام خط

چوتھا خط آپ ﷺ نے مقوقس بادشاہ مصر کی طرف لکھا تھا اور یہ خط حاطب بن ابی بلتعہؓ کی معرفت آپ نے بھجوایا۔ بادشاہ نے خط پڑھا اور حاطب سے کہا اگر یہ سچا نبی ہے تو اپنے دشمنوں کے خلاف دعا کیوں نہیں کرتا؟ حاطب نے کہا کہ تم عیسیٰ بن مریم پر تو ایمان لاتے ہو۔ یہ کیا بات ہے کہ عیسیٰ کو ان

کی قوم نے دکھ دیا لیکن عیسیٰ نے یہ دعا نہ کی کہ وہ ہلاک ہو جائیں۔ بادشاہ نے سن کر کہا کہ تم ایک عقلمند کی طرف سے ایک عقلمند سفیر ہو اور تم نے خوب جواب دیا ہے۔ مقوقس نے کہا میں نے اس نبی کے حالات سنے ہیں اور میں یہ محسوس کرتا ہوں کہ وہ کسی بری بات کا حکم نہیں دیتا اور کسی اچھی بات سے روکتا نہیں اور میں نے معلوم کیا ہے کہ وہ شخص ساحروں اور کاہنوں کی طرح نہیں ہے اور میں نے بعض اس کی پیشگوئیاں سنی ہیں جو پوری ہوئی ہیں۔ پھر اس نے ایک ڈبیہ ہاتھی دانت کی منگوائی اور اس میں رسول اللہ ﷺ کا خط رکھ دیا اور اس پر مہر لگا دی اور اپنی ایک لونڈی کے سپرد کر دیا اور پھر اس نے رسول اللہ ﷺ کے نام خط لکھا۔ اس خط سے معلوم ہوتا ہے کہ گو مقوقس نے آپ ﷺ کے خط سے ادب اور احترام کا معاملہ کیا مگر وہ اسلام نہیں لایا۔

رئیس بحرین کے نام خط

پانچواں خط آپ ﷺ نے منذر تیمی کی طرف جو بحرین کا رئیس تھا بھجوایا تھا۔ یہ خط علاء ابن حضرمیؓ کے ہاتھ بھجوایا گیا۔ یہ خط جب اس کے پاس پہنچا تو وہ ایمان لے آیا اور اس نے رسول اللہ ﷺ کو لکھا کہ میں اور میرے بہت سے ساتھی آپ پر ایمان لے آئے ہیں اور بعض ایسے ہیں جو اسلام میں داخل نہیں ہوئے۔ رسول اللہ ﷺ نے اس کو خط لکھا جس کی عبارت یہ تھی کہ ہمیں خوشی ہوئی ہے کہ تم نے اسلام قبول کر لیا ہے جو پیغامبر میری طرف سے آئیں تم ان کے احکام کی اتباع کیا کرو۔ کیونکہ جو ان کی اتباع کرے گا وہ میری اتباع کرے گا۔ پس مسلمانوں میں اسلامی طور و طریق جاری کرو اور ان کے اموال کی حفاظت کرو اور چار بیویوں سے زیادہ کسی کو اپنے گھر میں رکھنے کی اجازت نہ دو اور مسلمان ہونے والوں سے جو گناہ پہلے ہو چکے ہیں وہ انہیں معاف کئے جائیں اور جب تک نیکی پر قائم رہو گے تمہیں اپنی حکومت سے معزول نہیں کیا جائے گا اور جو یہودی یا مجوس ہیں ان پر صرف ایک ٹیکس مقرر ہے اور کوئی مطالبہ ان سے نہ کرنا۔

اس کے علاوہ آپ نے عمان کے بادشاہ، یمامہ کے سردار، غسان کے بادشاہ، یمن کے قبیلہ بنی نہد کے سردار، یمن کے قبیلہ ہمدان کے سردار، بنی علیم کے سردار اور حضرمی قبیلہ کے سردار کی طرف بھی خطوط لکھے۔ جن میں سے اکثر لوگ مسلمان ہو گئے۔ ان خطوط کا لکھنا بتاتا ہے کہ آپ ﷺ خدا تعالیٰ پر کیسا کامل یقین رکھتے تھے اور کس طرح شروع سے ہی آپ کو یہ یقین تھا کہ آپ کسی ایک قوم کی طرف نبی بنا کر نہیں بھیجے گئے بلکہ آپ ساری قوموں کی طرف نبی بنا کر بھیجے گئے ہیں۔

(از کتاب نبیوں کا سردار، حضرت مرزا بشیر الدین محمود احمدؓ، صفحہ 172 – 189)

”لجنات حضور انور کے ارشاد کے مطابق روزانہ دو نوافل کا التزام کریں۔ جماعت ناروے نے نفلی روزہ کے لیے ہر سوموار کا دن مقرر کیا ہوا ہے۔“

سوشل میڈیا کے فوائد

(فرحت شکیل - مجلس للے سترم)

اللہ تعالیٰ کا اپنے بندوں پر یہ احسانِ عظیم ہے کہ اس نے انسان کو اشرف المخلوقات بنا کر ایک ایسا دماغ عطا فرمایا جس کے استعمال سے وہ خدا تعالیٰ کی پیدا کردہ باقی مخلوق اور ہر چیز کو نہ صرف اپنے زیرِ نگیں کر سکتا ہے بلکہ اِس سے بہترین فوائد بھی اٹھا سکتا ہے۔ ہر نیا دن انسانی دماغ کی اِس صلاحیت سے نئی نئی ایجادات سامنے لا رہا ہے۔

اللہ تعالیٰ قرآن پاک میں فرماتا ہے: **وَسَخَّرَ لَكُمْ مَّا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا مِّنْهُ ط اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ۔**

ترجمہ: اور جو بھی آسمانوں میں اور زمین میں ہے اس میں سے سب اس نے تمہارے لیے مسخر کر دیا۔ اس میں غور و فکر کرنے والوں کے لیے یقیناً کھلے کھلے نشانات ہیں۔

آج ٹیکنالوجی کی ترقی کے جس دور میں سے ہم گذر رہے ہیں ان نئی نئی ایجادات کا جو ہو رہی ہیں آج سے چند دھائیاں پہلے کسی کو اندازہ بھی نہیں تھا۔ اسی طرح یہ کہ سوشل میڈیا کے ذریعے اظہار رائے کے مختلف ذرائع ہماری جماعت کی ترقی میں اس قدر معاون اور مددگار ثابت ہوں گے۔

حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کو الہام ہوا:

"میں تیری تبلیغ کو زمین کے کناروں تک پہنچاؤں گا"

اللہ تعالیٰ کے وعدوں کے عین مطابق حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے خلفاء کے دور میں ایسے ذرائع اور وسائل مہیا ہو گئے۔ 24 مارچ 1989ء کو خدا اجل و شان نے اپنا یہ وعدہ پوری شان و شوکت سے ایم۔ٹی۔اے کی صورت میں پورا فرما دیا۔ الحمد للہ شکر الحمد للہ۔ جس کا سب سے بڑا مقصد دنیا میں خدا کے پیغام کو پھیلانا ہے۔

ہر طرف آواز دینا ہے ہمارا کام آج

جس کی فطرت نیک ہے وہ آئے گا انجام کار

اللہ کے فضل و کرم سے آج ایم۔ٹی۔اے کی نشریات کو دنیا کے ہر براعظم میں دیکھا جاتا ہے۔ ایم۔ٹی۔اے کی برکت سے علم و معرفت کا ایک نیا دور شروع ہوا جو خلیفہ وقت کی راہنمائی میں جماعت کی ترقی کی راہ پر تیزی سے گامزن ہے خلیفہ وقت کے خطبات جمعہ دنیا کے تمام احمدیوں کے لیے ایک ایسی نعمت ہے جس کی بدولت ہمیں پیارے امام کے دیدار اور گفتار دونوں کی نعمت و دولت ملتی ہے۔ مختلف زبانوں میں علم و معرفت کے بھرپور پروگرام پیش کیے جا رہے ہیں جس سے ایک دنیا فیض یاب ہو رہی ہے۔ مثلاً قرآن کریم کے درست تلفظ سکھانے کے پروگرام، قرآنی تعلیمات کے پروگرام، آنحضرت ﷺ کی احادیث، حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کے ارشادات، مجالس سوال و جواب، مختلف ممالک کے سالانہ جلسوں

پر خلیفہ وقت کی لائیو خطاب، درس قرآن و حدیث، ملفوظات،، بزرگانَ سلسلہ اور نومبائین کے انٹرویو، پر سوز اور دلکش آوازوں میں حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام اور خلفاء اور احمدی شعراء کے منظوم کلام، ہومیو پیتھی کلاسز، مختلف زبانوں کے سیکھنے کے لیے کلاسز، واقفین نو بچوں کی کلاسز، جامع احمدیہ کے بچوں کی کلاسز، راہ ھدی، انتخاب سخن، انگریزی زبان میں پیش کیے جانے والے پروگرام، گھر بیٹھ کر جرمنی اور یوکے کے جلسہ جات براہ راست دیکھ سکتے، عالمی بیعت کا روح پرور نظارہ۔ لاکھوں لوگوں تک خدا کا پیغام پہنچانے میں سوشل میڈیا اہم کردار ادا کر رہا ہے۔

ہمارے پیارے حضور خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز خطبہ جمعہ سے براہ راست استفادہ کرنے کے لیے نئی ٹیکنالوجی کے استعمال کا ذکر کرتے ہوئے فرماتے ہیں:

”آپ جہاں کہیں بھی ہوں آپ کو ہر ممکن کوشش کرنی چاہیے کہ میرا ہر خطبہ ضرور سنیں خواہ وہ کیسی بھی صورت میں ہو۔ ٹی وی، لیپ ٹاپ یا آپ کا اپنا موبائیل فون اس کے علاوہ آپ ایم۔ٹی۔اے کی ویب سائیٹ سے ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں اور ایم۔ٹی۔اے کی On demand سروس کے ذریعہ بھی میرے خطبات سن سکتے ہیں۔ اس دور میں کوئی بھی یہ جائز عذر نہیں کر سکتا کہ وہ پیغام یا تعلیمات کو موصول کرنے سے قاصر رہا۔ نشر و اشاعت کے جدید وسائل کی بدولت اب ہر چیز تک رسائی با آسانی اور فوراً ایک بٹن دبانے سے ممکن ہو چکی ہے۔ آپ میں سے جو پختہ عمر کو پہنچ گئے ہیں اُن کے لیے جہاں تک ممکن ہو سکے وہ اپنے آپ کو جدید وسائل اور ذرائع سے جوڑ دیں ایسا کرتے ہوئے جہاں اپنے علم کو بڑھا رہے ہوں گے وہاں آپ کو چاہیے کہ اِن ذرائع کو خلافت کے ساتھ بھی اپنے تعلق کو مضبوط کرنے کے لیے استعمال میں لائیں۔ اور اپنی اس ذمہ داری کو نبھائیں کہ آپ دین کو دنیا کی ہر چیز پر مقدم رکھیں گے“۔ (نیشنل اجتماع واقفین نو جماعت احمدیہ برطانیہ یکم مارچ 2015)

ایم۔ٹی۔اے کے چار مختلف سٹلائیٹ چینلز پوری دنیا میں اللہ کا پیغام بخوبی پہنچا رہے ہیں۔ خدا کے فضل و کرم سے آج ایم۔ٹی۔اے دیکھنے والے فیس بک، یوٹیوب، جماعت احمدیہ کی ویب سائٹ اور ٹیلیفون پر Official Apps کے ذریعے بھی دیکھ سکتے ہیں۔ اپنے دینی علم کو بڑھانے کے لیے ایک اور ذریعہ alislam.org ویب سائٹ بھی ہے۔ جہاں وسیع پیمانے پر مختلف زبانوں میں تمام ضروری تبلیغی، تربیتی اور علمی مواد میسر ہے۔ اور اس میں حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی روحانی خزائن کتب کو ایک ایسے سرچ انجن میں ڈالا ہے جس میں اگر آپ نے کوئی لفظ مثلاً محمد ﷺ کا نام تلاش کرنا ہے وہ اس میں ڈالیں تو حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی کتب (روحانی خزائن) کی جلدوں میں جہاں بھی وہ نام استعمال ہوا ہے وہ نام اور اقتباس سامنے آ جائیں گے۔

”آنحضرت ﷺ کے صحابہ کے پاس آجکل کے وسائل اور جدید طریقے موجود نہیں تھے۔ اس کے باوجود انھوں نے تبلیغ اسلام کا حق ادا کر دیا۔ آج کل ہمارے پاس سوشل میڈیا کی صورت میں مختلف ذرائع موجود ہیں اور یہ ذرائع محمد مصطفیٰ ﷺ کے غلام صادق کے زمانہ میں مقدر تھے۔ اللہ تعالیٰ نے اس کی پیشگوئی بھی فرما دی تھی۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے وَاِذَا الصُّحُفُ نُشِرَتۡ (التکویر: 11) یعنی اور جب کتابیں پھیلا دی جائیں گی پس ایک تو یہ زمانہ کتابیں پھیلانے کا ہے جو مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کا زمانہ ہے اور اس وجہ سے حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام نے روحانی خزائن کا ایک بے بہا سمندر ہمارے لیے چھوڑا ہے اور اس کی اشاعت آپ علیہ الصلوٰۃ والسلام کے زمانہ میں ہوئی۔ آپ علیہ الصلوٰۃ والسلام کے صحابہ نے بھی اس کو پھیلانے میں خوب کردار ادا کیا۔ ہم صحابہ کے واقعات پڑھتے ہیں کہ کسی نہ کسی صحابی نے کوئی کتاب دوسرے شخص کو دی اُس نے پڑھی، اس کے دل پر اثر ہوا اور اس طرح لوگ آہستہ آہستہ احمدیت میں شامل ہوتے چلے گئے۔ آج خدا تعالیٰ نے ان کتابوں کو نشر کرنے کے اور اسلام کے مخالفین کے جواب دینے کے پہلے سے بڑھ کر ذرائع مہیا فرما دیئے ہیں جو تیز تر ہیں۔ کتابیں پہنچنے میں وقت لگتا تھا اب تو یہاں پیغام نشر ہوا اور وہاں پہنچ گیا۔ یہاں کتاب پرنٹ ہوئی اور دوسرے End سے نکال لی گئی۔ آج حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی کتب، قرآنِ کریم اور دوسرا اسلامی لٹریچر انٹرنیٹ کے ذریعہ، ٹی وی کے ذریعہ نشر ہونے کی نئی منزلیں طے کر رہا ہے۔ جو تیزی میڈیا میں آج کل ہے آج سے چند دہائیاں پہلے ان کا تصور بھی نہیں تھا۔ بس یہ مواقع ہیں جو خدا تعالیٰ نے

ہمیں عطا فرمائے ہیں کہ اسلام کی تبلیغ اور دفاع میں ان کو کام میں لاؤ۔ یہ اللہ تعالیٰ کا فضل ہے کہ یہ ایجادات اس زمانہ میں ہمارے لیے اس نے مہیا فرمائی ہیں۔" (خطبہ جمعہ فرمودہ 15 اکتوبر 2010 بمقام مسجد بیت الفتوح، لندن)

انگریزی دان طبقہ میں اسلام کی اشاعت کے سلسلہ میں حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام نے جو رسالہ "ریویو آف ریلیجنز" (انگریزی اور اردو) میں 1902 میں قادیان سے جاری فرمایا تھا، وہ آج اسلام کے نُور کو پرنٹ میڈیا کے علاوہ الیکٹرانک میڈیا کے ذریعہ بھی دنیا بھر کے انگریزی، جرمن اور فرنچ زبانوں کے اہلِ علم حضرات کے سامنے پیش کرنے کی سعادت حاصل کر رہا ہے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل سے اس رسالہ سے مختلف پلیٹ فارمز کے ذریعہ دس لاکھ سے زائد لوگوں تک اسلام کا پیغام پہنچا ہے۔

آنحضرت ﷺ کی پیشگوئی کے مطابق دنیا مختلف ادوار سے گذری ہے اور اب اسلام اس دائمی خلافت کے دَور میں داخل ہوا ہے جس کا وعدہ اللہ تعالیٰ نے کیا ہے۔ اس لیے ہر احمدی کو چاہیے کہ وہ خلافت کے ساتھ اپنا تعلق مضبوط کرے۔ خوش قسمت ہے ہر احمدی کہ اُسے ایم۔ٹی۔اے کی بدولت صحبت صالحین ہر وقت میسر ہے۔ اس لیے ہر احمدی نوجوان کو اپنی ترجیحات کو تبدیل کرنا چاہیے۔ اور اللہ تعالیٰ کے اس انعام کا حقیقی شکر گذار ہونا چاہیے جو اُس نے ہمیں ایم۔ٹی۔اے کی صورت میں عطا کیا۔

کورونا اور سوشل میڈیا کے فوائد

2020 کے آغاز میں ہی کورونا کی وباء نے آہستہ آہستہ پوری دنیا کو اپنی لپیٹ میں لے لیا۔ وبائیں تو ہر دَور میں آتی رہیں مگر کرونا کی وباء میں انسان کا خوفزدہ ہونا اور پریشان ہونا فطری عمل ہے۔ ایک طرف تو انسان مایوس تھا کہ ایک ہی وقت میں پوری دنیا میں امیر و غریب، مسلم عیسائی، کالے گورے سب ایک ہی وائرس کا شکار ہیں۔ اور علاج موجود نہیں۔ ماسوائے احتیاطی تدابیر کے۔ وہاں یہ احساس ضرور پیدا ہوا کہ خدا کی لاٹھی بے آواز ہے اُس نے پوری دنیا کو ایک ہی صف میں کھڑا کر دیا ہے۔ ہر کوئی سوشل میڈیا پر مصروف ہے اپنوں کی خبر گیری کے لیے اور دنیا کی بدلتی ہوئی صورتحال سے آگاہی کے لیے، کوئی فیس ٹائم کے ذریعہ تو کوئی واٹس ایپ کے ذریعہ، تو کوئی ٹیلیفون کے ذریعہ، تو کوئی یوٹیوب کے ذریعہ۔ سوشل میڈیا نے بھی افواہوں کی بھرمار کر دی۔ احتیاطی تدابیر اور بچاؤ کے طریقوں کے مختلف پروگرام پیش کر کے لوگوں کو ڈھارس بھی دی اور پریشان بھی رکھا۔ ایسے میں پیارے حضور کا پیغام جماعت کے لیے سکونِ قلب ثابت ہوا۔ آپ نے وباء کے بارے میں بتایا اور حفظِ ماتقدم کچھ ہومیوپیتھی دوائیاں بھی تجویز فرمائیں اور ہر احمدی اپنے ملک کے قوانین کی پابندی کرے۔ یہ پیغام سننے کے بعد ہر فرد جماعت خدا کی طرف شکر ادا کرتے ہوئے جھکا کہ ہمارے پاس خلیفہ وقت جیسی نعمت موجود ہیں جو ہم سب کے لیے ہر وقت دعا گو ہیں۔ بے شک ہر تکلیف انسان کو خدا کے قریب کرتی ہے۔ ایم۔ٹی۔اے کے پروگراموں سے سب مستفید ہوئے۔ اس وباء کے باعث سب ایک دوسرے سے نہ ملنے کی تکلیف سے بھی گذر رہے تھے۔ مسجد جانے کی کوئی صورت اور نہ ہی جماعتی پروگرام ہونے کی کوئی امید تھی۔ کہ اچانک معلوم ہوا کہ نیشنل صدر لجنہ نے جماعتی پروگرام کا آن لائن آغاز کیا ہے پہلے تو مشکل کچھ عجیب اور ناممکن محسوس ہوا۔ لیکن سوشل میڈیا کی برکت سے نیشنل عاملہ اور صدران مجالس کی میٹنگ کا انتظام کیا گیا۔ پھر تو خدا کے فضل سے یہ سلسلہ چل پڑا قرآن کریم کا ترجمہ، تلفظ سکھانے کی کلاسز کا انتظام ہوا۔ تعلیمی کلاسز، اجلاسات کی کاروائی آن لائن سکایپ کے ذریعہ شروع ہوئی۔ یوم مسیح موعود علیہ السلام، یوم مصلح موعود، خلافت ڈے، جلسہ سیرت النبی ﷺ منعقد کیے گئے۔ جو کہ ہم سب کی روحانی پیاس بجھانے کا موجب بنے۔

"یہ محض اللہ تعالیٰ کا فضل ہی ہے کہ اس زمانہ میں اُس نے ہماری جماعت کے فائدے کے لیے جدید مواصلاتی نظام اور میڈیا جیسے ذرائع ابلاغ کی سہولیات مہیا کر دی ہیں۔ باہم دینی روابط کے لیے بھی یہ ذرائع بہت اہم ثابت ہو رہے ہیں۔ جیسا کہ ایم۔ٹی۔اے کے ذریعہ حقیقی اسلام کا پیغام زمین کے کناروں تک پہنچ رہا ہے۔ اللہ تعالیٰ ہمیں یہ توفیق عطا فرمائے کہ ہم نئے دَور کی ایجادات سے بھرپور استفادہ کرتے ہوئے اپنی تعلیمی اور تربیتی صلاحیتوں میں اضافہ کرتے چلے جائیں۔ آمین



سقراط

ق م 399 – 469

(مریم سکینہٰ ۔ مجلس الن ساکر)

وہ اپنے شہر ایتھنز کی ایک جیل میں بیٹھا تھا اس زہر کے پیالے کو جو اسے پینا تھا دیکھ رہا تھا اور شاید سوچ رہا تھا کہ آخر کار جیت تو اسی کی ہوئی۔ اس نے اپنے شاگردوں کو ایک دفعہ بتایا تھا کہ جب تمہارا مخالف کوئی معقول جواب دینے کی بجائے گالیوں پر اتر آئے تو سمجھ لو تم جیت گئے اور وہ ہار گیا۔ اس کے اپنے مخالف تو اتنے خوفزدہ تھے کہ اس کا منہ بند کرنے کے لیے زہر کا سہارا لینے کے علاوہ ان کے پاس کوئی اور ترکیب نہیں تھی۔

نام سقراط، قدیم یونان کا باشندہ اور ایک سنگ تراش کا بیٹا تھا 46 قبل مسیح اس کی پیدائش کا سال ہے۔ اس زمانے میں یونان میں شہری ریاستیں قائم تھیں اور ایتھینز کی بنیاد جمہوری اصولوں پر تھی۔ یہ ایک امیر ریاست تھی لوگوں کا مختلف خداؤں پر یقین تھا جو ان کے خیال میں معیشت اور جنگوں میں ان کے مددگار تھے جگہ جگہ ان کے بت نصب تھے۔ لوگوں کو اپنے خیالات کے اظہار کی آزادی تھی اور مباحثوں اور تقریروں کے ذریعہ لوگوں میں ایک دوسرے کو قائل کرنے کا رواج تھا مگر سلطنت کے قوانین کی پابندی بھی شہریوں کے لیے بہت ضروری تھی۔ جوانی میں سقراط نے سلطنت کے دفاع میں حصہ لیا۔ مگر اصولی طور پر جنگ کی مخالفت کی۔ سقراط کے مطابق علاقوں پر قبضہ کے لیے اس کی ضرورت نہیں ہے۔ وہ ایتھنز کی ایک مخالف سپارٹا نامی ریاست کے خلاف جنگ کا بہت مخالف تھا جو سلطنت کے حکمرانوں اور جنگجو لوگوں کا شیوہ تھا۔ اس کے خیال میں ان خود تراشیدہ خداؤں پر یقین کرنا بھی عقل کے خلاف تھا جن کے بت جگہ جگہ نصب تھے۔ سقراط نے عام لوگوں کو سمجھانے کا یہ طریقہ اپنایا تھا کہ وہ ان سے سوال کرتا۔ اور سوالوں کے ذریعہ جو جواب ملتے اس سے وہ ان پر ثابت کرتا کہ جواب معقول ہے یا نہیں، یا یہ کہ ان کے زندگی گزارنے کے طریقے درست ہیں یا نہیں۔

تقریباً 50 سال وہ اپنے شہر کی گلیوں میں اپنے روشن خیالات کے پرچار کے ذریعے لوگوں پر اثر ڈالنے کی کوشش کرتا رہا، بہت سے نوجوان اس کی باتوں سے متاثر ہو کر اس کے مرید اور شاگرد بن گئے۔ وہ اپنے ماننے والوں کو کہتا کہ اپنے اندر غور و فکر کی عادت پیدا کرو۔ اس کا کہنا تھا کہ تم حقیقی علم حاصل نہیں کر سکتے جب تک غربت اور مسکینی اپنے اندر پیدا نہ کرو اور پہلے جاہل بنو پھر عالم بن سکتے ہو۔ بہت سے نوجوانوں نے اس کے خیالات سے متاثر ہو کر بتوں کی حقیقت اور بعض قوانین پر سوال اٹھانا شروع کر دیے سقراط کا کہنا تھا کہ اسے اس کے اندر کی ایک آواز راہنمائی کرتی ہے اور حکمت کی باتیں بتاتی ہے۔ جب وہ آواز آتی تو وہ خاموش ہو کر اس کی طرف توجہ مبذول کر لیتا۔ ایتھینز کے لوگ ان سب باتوں کو ہنسی ٹھٹھے میں اڑاتے اور کچھ ڈرامہ نگاروں نے سقراط کے بارے میں مزاحیہ خاکے بھی لکھے۔

415 قبل مسیح کا سال تھا یونانیوں کے ایک خدا ہرمیس کے بت کئی جگہ ٹوٹے پھوٹے ملے۔ ان واقعات کو مذہبی فتنہ قرار دیا گیا اور اس کی ذمہ داری سقراط

کے شاگردوں پر ڈالی گئی اور خاص طور پر ایک شاگرد السبیادس کو اس کا سرغنہ ٹھہرایا گیا۔ اس کے بعد 404ق م میں کچھ لوگوں نے سلطنت کے خلاف بغاوت کی۔ سقراط کی تعلیمات اور خیالات کو اس واقعہ کا ذمہ دار بھی ٹھہرایا گیا۔ کچھ عرصے بعد سپارٹا کے خلاف جنگ میں ایتھنز کی ریاست کو شکست ہو گئی اور اس جنگ میں شکست کا بھی سقراط کو ذمہ وار ٹھہرا کر اس کے خلاف مقدمہ کی بنیاد ڈالی گئی۔ اس مقدمے میں اسے سزائے موت سنائی گئی۔ جس کا طریقہ زہر کا پیالہ پلانا تھا۔

سقراط کی موت کے بعد اس کے کئی شاگردوں نے اس کے اوپر مقدمہ کا آنکھوں دیکھا حال تحریر کیا۔ جن دو شاگردوں کی تحریرات محفوظ رہیں ان کے نام افلاطون اور زینوفون ہیں۔ ان دونوں نے اس شہرۂ آفاق مقدمہ کی کاروائی جس میں سقراط نے اپنے دفاع میں خود اپنی وکالت کی، محفوظ کر دیا۔ ان کے مطابق سقراط بالکل ہی پر سکون رہا، اپنے دفاع میں صرف سچ بات کی۔ سزا سن کر جب اپنے مریدوں کو روتے دیکھ کر پوچھا کہ وہ کیوں روتے ہیں جواب ملا اس لیے کہ آپ بے گناہ ہیں۔ ان سے سقراط نے سوال کیا کہ کیا یہ بہتر ہے، یا یہ کہ میں گناہ گار مارا جاؤں؟ سقراط پر نوجوانوں میں گمراہی کی تعلیم پھیلانے کے علاوہ ایتھنز کے خداؤں کا انکار اور ایک خود سے گھڑے ہوئے خدا کو ماننے کا الزام لگا۔ اس پر سلطنت کے خلاف کام کرنے کا الزام بھی لگایا گیا۔ اپنی صفائی میں سقراط نے کہا۔"

اے اہالیان ایتھنز! مجھے اپنے خلاف تمہارے فیصلے کا کوئی دکھ نہیں۔ اپنے خلاف اس فیصلہ کی توقع مجھے تھی۔ صرف حیرانی اس بات کی ہے کہ میرے خلاف فیصلہ دینے والوں کی تعداد میرے حق میں فیصلہ دینے والوں سے معمولی تعداد میں زیادہ ہے۔ میں نے لوگوں کو صرف نیکی کا راستہ اختیار کرنے اور عقل سے کام لینے کی نصیحت کی ہے ایسے انسان کے بارے میں آپ کیا فیصلہ دیں گے جس نے زندگی کا کوئی لمحہ ضائع نہیں کیا۔ یہ اور بات ہے کہ اس نے ایسی باتوں کی کوئی فکر نہ کی جیسے دولت کمانے اور بڑے عہدوں کی خواہش اور ان کا حصول۔ میں نے ہمیشہ سب لوگوں کی فلاح کے لیے کوشش کی ہے۔ اور اسی کی تلقین دوسروں کو بھی کی کہ اپنے مفاد سے بلند تر ہو کر اجتماعی مفاد کے لیے جدوجہد کرو۔ میرے بارے میں ڈیلفی کے Oracle کی پیشگوئی ہے کہ میں عقل اور حکمت کی تعلیم دوں گا۔ شائد کوئی آپ میں سے کہے کہ کیا میں اپنا منہ بند نہیں کر سکتا یا کسی دوسرے علاقے کی طرف نقل مکانی نہیں کر سکتا جہاں کوئی مجھ سے تعرض نہ کرے؟ میرے لیے اس سوال کا جواب آپ لوگوں کو سمجھانا بہت مشکل ہے۔ اگر میں یہ کہوں کہ ایسا کرنا میرے لیے اس لیے ناممکن ہے کہ یہ الٰہی فرمان کی نافرمانی ہے تو آپ یقین نہیں کریں گے کہ میں سنجیدہ ہوں۔ اور اگر میں یہ کہوں کہ زندگی میں بہترین کام نیکی کی تلقین اور اس پر کاربند رہنا ہی ہے جو میں ہمیشہ کرتا رہا ہوں، تو پھر بھی آپ لوگ میری بات نہیں مانے گے۔

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع رحمہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ میرے نزدیک سقراط نبی اللہ تھے اور میں ان کو حضرت سقراط علیہ السلام کہتا ہوں کیونکہ ان کی روشن تعلیمات کو دیکھتے ہوئے یہی نتیجہ نکلتا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ جب تک تمہیں اپنی پیدائش کے مقصد کا علم نہیں ہے تمہارا علم سے دور کا بھی واسطہ نہیں۔ حضور رحمہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی بعض تحریریں جیسا کہ "غربت اور مسکینی اپنے اندر پیدا کرو" بھی حضرت سقراط کے خیالات کی تائید کرتی ہیں۔ وہ لوگوں میں اپنے خالق کو پہچاننے کا عرفان پیدا کرنا چاہتے تھے۔ حضور رحمہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ اس لیے مجھے کوئی شک نہیں کہ وہ نبی اللہ تھے۔

Source:
The Tahir Archive: On Socrates
Britannica: www.britannica.com
Pinterest: www.pinterest.com
https://newlearningonline.com/new-learning/chapter-7/socrates-defence

دھنک کے رنگ آپ کے سنگ

حدیث نبوی ﷺ ہے:

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! جس نے استغفار کو لازم کر لیا تو اللہ تعالیٰ اسے ہر غم اور تکلیف سے نجات دے گا اور ہر تنگی سے نکلنے کا راستہ پیدا فرما دے گا، اسے ایسی جگہ سے رزق عطا فرمائے گا، جہاں سے اسے وہم گمان بھی نہ ہو گا۔

(سنن ابن ماجہ 3819)

سیدنا حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام فرماتے ہیں:

”خدا کا تمہیں یہ حکم ہے کہ تم اس سے اور اس کی خلقت سے عدل کا معاملہ کرو۔ یعنی حق اللہ اور حق العباد بجالاؤ اور اگر اس سے بڑھ کر ہو سکے تو نہ صرف عدل بلکہ احسان کرو یعنی فرائض سے زیادہ اور ایسے اخلاق سے خدا کی بندگی کرو گویا تم اس کو دیکھتے ہو اور حقوق سے زیادہ لوگوں کے ساتھ مروت و سلوک کرو اور اگر اس سے بڑھ کر ہو سکے تو ایسے بے علت اور بے غرض خدا کی عبادت اور خلق اللہ کی خدمت بجالاؤ کہ جیسے کوئی قرابت کے جوش سے کرتا ہے۔“

(روحانی خزائن، جلد 2، صفحہ 361 – 362)

حضرت مصلح موعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں:

”یاد رکھو وہ زندگی جو تم خدا کے لیے خرچ کرتے ہو، وہی تمہاری زندگی ہے۔ لیکن وہ زندگی، جو تم اپنے نفس کے لیے خرچ کرتے ہو، وہ ضائع چلی گئی۔ جو شخص خدا کے لیے اپنی زندگی قربان کرتا ہے وہ چاہے کتنی ہی گمنامی کی زندگی بسر کرے، چاہے دنیا میں اسے کوئی شخص نہ جانتا ہو۔ آسمان پر خدا اس کو قدر کی نگاہ سے دیکھتا اور اس کو اپنے قرب میں عزت و احترام کی جگہ دیتا ہے۔ پس مت خیال کرو کہ دین کے لیے اپنی زندگی قربان کرنا۔ زندگی کو ضائع کرنا ہے۔ یہ زندگی کو ضائع کرنا نہیں بلکہ اسے ایک قیمتی اور ہمیشہ کے لیے قائم رہنے والی چیز بنانا ہے۔“

(تحریک جدید، ایک الٰہی تحریک، جلد دوم، صفحہ 322)

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع رحمہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

”ہر وہ بات کریں جس سے آپس میں محبت پیدا ہوتی ہے ہر اس بات سے نفرت کریں جس سے آپس میں نفرت پیدا ہوتی ہو اور جو پہلے ہو چکا اس کو ختم سمجھیں اور آئندہ کے لیے اگر آپ کی موجودگی میں کوئی بات ہو جس سے نفرت پیدا ہوتی ہو تو اس کو روکیں یا وہاں سے اٹھ کر چلے جائیں۔ جو لوگ نفرت پیدا کرتے ہیں ان سے تعلق توڑ لیں۔“

(خطبہ جمعہ، 23 ستمبر، 1983ء)

ارشاد حضرت امیر المؤمنین خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز:



”ہمیں ایسی عبادتوں کی تلاش کرنی چاہیے جس میں لذت و سرور ہو، نہ کہ صرف ایک بوجھ سمجھ کر گلے سے اتارا جائے۔“

(خطبہ جمعہ، 15 اپریل، 2016ء)

مالی خدمت

کمی بیشی کی فکروں میں پڑے کیوں آدمی زادہ — کبھی فیل ورخ وفرزیں سے بڑھ جاتا ہے اک پیادہ

وہی مالوں کی قربانی پہ ہو سکتے ہیں آمادہ — ہیں جن کی ہمتیں عالی، ہے جن کی زندگی سادہ

مئے عشق ومحبت کے ہوں جو احباب دلدادہ — اگر توفیق دس کی ہو تو دے دیں بیس یا زیادہ

نوا را تلخ ترمے زن چو ذوق نغمہ کم یابی

حدی را تیز ترمی خواں چو محمل را گراں بینی

(از بخار دل، ص:143)

ثبات قلب کی دعا

حضرت شہرؓبن حوشب نے حضرت اُمّ سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے رسول کریم ﷺ کی کثرت سے پڑھی جانے والی دعا کے بارے میں پوچھا تو انہوں نے یہ دعا بتائی۔ حضرت اُمّ سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے پوچھا کہ حضور آپ کثرت سے یہ دعا کیوں کرتے ہیں تو رسول کریم ﷺ نے فرمایا کہ ہر شخص کا دل خدا کی دو انگلیوں کے درمیان ہے وہ جب چاہے اسے بدل دے۔

یَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ ثَبِّتْ قَلْبِیْ عَلٰی دِیْنِکَ۔(ترمذی'الدعوات')

ترجمہ: اے دلوں کے پھیرنے والے میرا دل اپنے دین پر قائم کر دے۔

کام کی باتیں

ثمینہ حفیظ – مجلس بیت النصر

پرہیز علاج سے بہتر ہے

• اگر اپنے دماغ کو بہتر رکھنا چاہتے ہیں تو آٹھ گھنٹے کی نیند ضرور لیں۔

• آنکھوں کو بہتر رکھنا چاہتے ہیں تو سونے سے پہلے اپنے پاؤں پر تیل کی مالش کریں۔

• معدہ کو ٹھیک رکھنا چاہتے ہیں تو ٹھنڈی چیزوں سے پرہیز کریں۔

• جگر کو بہترین رکھنا چاہتے ہیں تو بازاری کھانا اور فاسٹ فوڈ سے پرہیز کریں۔

• گردوں کو صحت مند رکھنا چاہتے ہیں تو سونے سے پہلے باتھ روم سے فارغ ہو لیا کریں۔

• مثانے کو ٹھیک رکھنا چاہتے ہیں تو کچا پیاز زیادہ استعمال کریں۔

• اپنڈکس سے بچنا چاہتے ہیں تو لیموں کا استعمال کریں۔

• گلے کا خیال رکھنا چاہتے ہیں تو کھانے میں کالی مرچ کا استعمال کریں۔

• پھیپھڑوں کو تندرست رکھنا چاہتے ہیں تو تمباکو نوشی ترک کر دیں۔

• اگر آپ کو اپنے ناک کا خیال ہے تو پودینہ کا استعمال کیا کریں۔

• دل کو تندرست رکھنا چاہتے ہیں تو نمک اور چکنائی کا استعمال بہت کم کر دیں۔

حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام کی محبت الہٰی

حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام ابھی عمر میں بہت چھوٹے تھے اور ایسی عمر میں تھے جب بچوں کو کھیل کود کا شوق ہوتا ہے، ان کی خواہشات بہت معمولی، وقتی اور سطحی ہوتی ہیں اور ان کی تمنائیں محسوس (معلوم، ظاہر) دنیا ہی سے تعلق رکھتی ہیں۔ بچپن کی اس عمر میں حضور کی خواہش کیا ہے؟ اور آپ کے دل میں کیا تمنائیں ہیں۔ اس کا اس واقعہ سے پتہ چلتا ہے۔

آپ کی ماموں زاد جو آپ سے بھی عمر میں چھوٹی تھیں اور جو بعد میں آپ کے نکاح میں آئیں۔ آپ انہیں فرمایا کرتے تھے "دعا کر خدا میرے نماز نصیب کرے"۔ ایک چھوٹی عمر کے بچے کے دل میں پلنے والی یہ تمنا بہت کم جوانوں بلکہ بوڑھوں کو نصیب ہوتی ہے۔ اس تمنا سے جہاں حضور کا نماز پڑھنے کے لیے شوق اور لگن ظاہر ہوتی ہے وہاں یہ بات بھی سامنے آتی ہے کہ بچپن کی عمر سے ہی آپ دعاؤں کی قبولیت پر یقین رکھتے تھے اور یہ ایک حقیقت ہے کہ خدا تعالیٰ سے محبت رکھنے، اس سے پیار کرنے اور اس کا قرب حاصل کرنے کے لیے نماز سے بڑھ کر کوئی راستہ نہیں اور دعا سے بڑھ کر کوئی طریق نہیں!

(ذکر حبیب، مرزا غلام احمد صاحب، ایم۔اے)

حضرت بانی سلسلہ عالیہ احمدیہ حضرت مسیح موعود علیہ الصلوٰۃ والسلام فرماتے ہیں:

